RNI NO. APURD/2009/30780

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
صدائے حُسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
URDU DAILY

قیمت : 5 جلد (17) شمارہ (354) صفحات (8) 25/ڈسمبر 2025 4/رجب المرجب 1447ھ جمعرات 25-12-2025 Thursday E-mail : sadaehussaini@gmail.com Price 1 + TDN = 5

ہندوستان کا طاقتور ایل وی ایم 3 راکٹ کی کامیابی

امریکی مواصلاتی سیٹلائٹ کی کامیاب لانچنگ

شری ہری کوٹہ (آندھرا پردیش۔24/ڈسمبر (ایجنسی) ہندوستان کے سب سے طاقتور اور وزنی لانچ وہیکل (ایل ایم وی 3) نے بدھ کی صبح امریکی مواصلاتی سیارے (سیٹلائٹ) 'بلیو برڈ '6 کو زمین کے نچلے مدار (ایل ای او) (لوارتھ بائٹ) میں کامیابی کے ساتھ لانچ کر کے عالمی خلائی مارکیٹ میں اپنی دھاک بٹھا دی ہے ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارے (ایسرو) کے مطابق، یہ لانچ ستیش دھون اسپیس سینٹر کے دوسرے لانچ پیڈ سے صبح 8:55 بجے عمل میں آیا۔ 43.5 میٹر طویل اور 640 ٹن وزنی اس راکٹ نے، جسے اپنی غیر معمولی طاقت کی وجہ سے 'باہوبلی ' کہا جاتا ہے، پرواز کے محض 16 منٹ بعد سیارے کو اس کی منزل پر پہنچا دیا۔ 43.5 میٹر طویل اور 640 ٹن وزنی راکٹ نے زوردار گرج کے ساتھ پرواز بھری اور آسمان میں نارنجی شعلوں اور سفید دھوئیں کی لمبی لکیر چھوڑ دی۔ مشن کنٹرول سینٹر میں اسرو کے سائنس دان راکٹ کی پرواز اور تکنیکی ڈیٹا پر گہری نظر رکھے ہوئے تھے۔ دنیا کا پہلا خلائی سیلولر براڈ بینڈ نیٹ ورک، اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی . نارائن نے اس کامیاب مشن پر ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا" مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ ایل ایم وی 3 نے امریکی سیارے کو انتہائی درستگی کیساتھ مدار میں پہنچا دیا ہے۔ یہ گزشتہ 52 دنوں کے دوران دوسرا کامیاب مشن ہے، جو ہماری آپریشنل صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔"ایل ایم وی 3 ہندوستان کا سب سے وزنی راکٹ ہے جو تین مراحل (تھری اسٹیج) پر مشتمل ہے۔ یہ راکٹ 10 ٹن تک کا وزن زمین کے نچلے مدار میں لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس حالیہ مشن کے ساتھ ہی اس راکٹ نے مسلسل 8 کامیاب مشن مکمل کرنے کا شاندار ریکارڈ برقرار رکھا ہے۔ امریکی کمپنی 'اے ایس ٹی اسپیس موبائل 'ایک ایسا نیٹ ورک بنا رہی ہے جو خلا سے براہ راست عام اسمارٹ فونز تک براڈ بینڈ سروس فراہم کرے گا۔ کمپنی نے بتایا کہ 2026 کی پہلی سہ ماہی کے اختتام تک مزید پانچ لانچز متوقع ہیں، جو اسپیس ایکس راکٹس کے ذریعے انجام دیے جائینگے۔ منصوبے کے تحت 2026 کے آخر تک 45 سے 60 سیٹلائٹس مدار میں پہنچانے کا ہدف ہے تا کہ امریکہ اور منتخب عالمی منڈیوں میں مسلسل کوریج فراہم کی جا سکے۔ 'بلیو برڈ '6 میں نصب اینٹینا تقریبا 2,400 مربع فٹ پر محیط ہے، جو پچھلے ماڈلز سے ساڑھے تین گنا بڑا ہے۔۔ یہ معاہدہ اسرو کے تجارتی بازو 'نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ (این ایس آئی ایل) کے ذریعے طے پایا تھا، جس سے عالمی خلائی تجارت میں ہندوستان کے بڑھتے ہوئے قد کا اندازہ ہوتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں امتحانی پرچے پر ہنگامہ، مسلم مظالم سے متعلق سوال پر پروفیسر معطل

نئی دہلی۔24/ڈسمبر (ایجنسی) دہلی کی جامعہ ملیہ اسلامیہ میں منعقدہ سمسٹر امتحان کے دوران ایک سوال پوچھے جانے پر زبردست تنازعہ کھڑا ہو گیا ہے۔ بی اے آنرز سوشل ورک کے سمسٹر امتحان میں 15 نمبروں کے سوال میں طلبہ سے پوچھا گیا تھا: بھارت میں مسلم اقلیتوں کے خلاف مظالم پر تحریر کریں، چند مثالیں بھی پیش کریں۔ اس سوال کے سامنے آتے ہی تعلیمی حلقوں اور سوشل میڈیا پر شدید ردِعمل دیکھنے میں آیا، جس کے بعد متعلقہ پروفیسر کو معطل کر دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے معاملے کی جانچ کے لیے ایک کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے۔ یہ امتحان رواں ہفتے کے آغاز میں ہوا تھا اور پرچے کا عنوان بھارت میں سماجی مسائل تھا۔ یہ پرچہ پروفیسر ویریندر بالاجی شاہرے نے تیار کیا تھا، جنہیں فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی ویب سائٹ پر موجود پروفائل کے مطابق وہ سوشل ورک ڈپارٹمنٹ سے وابستہ ہیں اور ان کی دلچسپی کے شعبوں میں دیہی و شہری ترقی، دلت وقبائلی امور، سماجی شمولیت و اخراج اور تعلیم وسماجی ترقی شامل ہیں۔ وہ گزشتہ 22 برسوں سے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ پروفیسر شاہرے نے سے ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ہے اور اور میں بھی تدریسی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان کی دو کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور سات پی ایچ ڈی طلبہ ان کی نگرانی میں تحقیق کر رہے ہیں۔ طویل تعلیمی تجربے کے باوجود امتحان میں اس نوعیت کا سوال شامل کیے جانے پر شدید ہنگامہ برپا ہے، تاہم تا حال پروفیسروں کا کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔ دوسری جانب یونیورسٹی کے رجسٹرار کی جانب سے جاری خط میں معطلی کی تصدیق کی گئی ہے، جو اگلے احکامات تک برقرار رہے گی۔ اسی خط میں قواعد کے مطابق ایف آئی آر درج کرانے کا ذکر بھی کیا گیا ہے، تاہم یونیورسٹی حکام کا کہنا ہے کہ فی الحال پروفیسروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

صہیونی وزیر اعظم اور وزیر جنگ کی ایران اور مقاومتی تنظیموں کے خلاف نئی بڑھکیں

تہران ۔24/ڈسمبر (مہر خبر رساں ایجنسی /صدائے حسینی) صہیونی وزیر اعظم نتن یاہو اور وزیر جنگ یسرائیل کاتز نے ایران کے خلاف جارحانہ بیانات دیتے ہوئے خطے میں ایک بار پھر اشتعال انگیزی پھیلانے کی کوشش کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، یسرائیل کاتز نے دعوی کیا کہ صہیونی فضائیہ دشمنوں کو کہیں بھی نشانہ بنانے کے لیے سخت اور جرات مندانہ فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس نے کہا کہ سات اکتوبر سے پہلے کی صورتحال دوبارہ نہیں دہرائی جائے گی اور اسرائیل کے خلاف کسی بھی قسم کی دھمکی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ صہیونی وزیر جنگ نے لبنان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کے لیے لبنانی حکومت کو مجبور کرنے کی کوشش کرے گی۔ انہوں نے یہ بھی دعوی کیا کہ صہیونی سیکیورٹی ادارے ایران کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات بیان کرنے سے گریز کیا۔ کاتز کے مطابق ایران کی اسٹریٹجک صلاحیتوں کو نشانہ بنانے کا ایک غیر معمولی فیصلہ کیا گیا اور اس میں صہیونی فضائیہ نے اہم کردار ادا کیا۔ یسرائیل کاتز نے حماس کو غیر مسلح کرنے پر اصرار دہراتے ہوئے کہا کہ اسرائیل اپنے اس مقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ شام میں صہیونی قبضے کا دفاع کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسرائیل جبل الشیخ کی پہاڑیوں سے ہرگز دستبردار نہیں ہوگا۔ انہوں نے یمن کے حوالے سے دعوی کیا کہ بیشتر یمنی کمانڈروں کو نشانہ بنایا جا چکا ہے اور حوثیوں کو اپنی عسکری صلاحیت دوبارہ حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ دوسری جانب صہیونی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی دعوی کیا کہ اسرائیل نے مشرق وسطی کا چہرہ بدل دیا ہے اور ایسی کامیابیاں حاصل کی ہیں جن کے علاقائی اور بین الاقوامی اثرات سامنے آئیں گے۔ اسرائیل کی تیار کردہ بعض دفاعی ٹیکنالوجیز اب یورپ کی فضاوں کے تحفظ میں استعمال ہو رہی ہیں۔ نیتن یاہو نے دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ اگر دشمنوں نے اسرائیل پر حملہ کیا تو انہیں بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ اسرائیل کے پاس جدید جنگی طیارے اور ماہر پائلٹ موجود ہیں۔ اسرائیل نے ایران کی جانب سے دو خطرات، یعنی جوہری اور بیلسٹک میزائل خطرات کو ناکام بنا دیا ہے۔

لیبیا کے چیف آف آرمی اسٹاف اعلی فوجی افسران سمیت طیارہ حادثے میں جان بحق

لیبیا ۔24/ڈسمبر (ایجنسی) لیبیا آرمی کے چیف آف اسٹاف محمد علی احمد الحداد ترکی کے دارالحکومت انقرہ کے قریب ایک طیارہ حادثے میں جاں بحق ہو گئے ہیں۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ان کا نجی جیٹ ہوائی اڈے سے ٹیک آف کرنے کے تھوڑی دیر بعد ہی گر گیا۔ ذرائع کے مطابق، منگل کے روز ہونے والے اس حادثے میں طیارے پر سوار تمام افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں میں لیبیا کے چار دیگر اعلی درجے کے فوجی افسران اور عملے کے تین ارکان شامل ہیں۔ ترک حکام نے ابتدائی تحقیقات میں تخریب کاری کے پہلو کو مسترد کر دیا ہے اور شواہد طیارے میں ٹیکنیکی خرابی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ لیبیا کے وزیر اعظم عبدالحمید دبیبہ نے فیس بک پر جاری ایک بیان میں آرمی چیف الحداد کی موت کی تصدیق کی اور کہا کہ یہ افسوسناک حادثہ اس وقت پیش آیا جب وفد وطن واپس آ رہا تھا۔

REGARDS : SYED JAFFER HUSSAIN EDITOR SADA E HUSSAINI

صدر جمہوریہ نے کرسمس کے موقع پر مبارکباد پیش کی

نئی دہلی۔24/ڈسمبر (ایجنسی) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بدھ کے روز قوم کو کرسمس کی مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا، "یہ مقدس تہوار ہمیں معاشرے میں امن، ہم آہنگی، مساوات اور خدمت کی اقدار کو مزید مضبوط کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا، "خوشی اور جوش کا یہ تہوار محبت اور ہمدردی کا پیغام دیتا ہے۔ یہ ہمیں انسانیت کی فلاح کیلئے خداوند عیسیٰ سے دعا کرنے کی تحریک دیتا ہے۔ یہ ہمیں مسیحا کی قربانی کی یاد دلاتا ہے۔ صدر نے ہم وطنوں پر زور دیا کہ وہ ایشور یسوع مسیح کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں اور ایک ایسے معاشرے کی تعمیر کا عزم کریں جو ہمدردی، ہم آہنگی اور باہمی بھائی چارے کو فروغ دیتا ہے۔

مہاراشٹر کی سیاست میں تاریخی اتحاد: 20 سال بعد ٹھاکرے برادران نے ممبئی پر قبضہ کا کیا اعلان

ممبئی۔24/ڈسمبر (ایجنسی) مہاراشٹر کی سیاست میں ایک اہم اور غیر معمولی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ تقریبا 20 برس بعد ٹھاکرے برادران نے دوبارہ ہاتھ ملا لئے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا ہے کہ ممبئی کے بلدی انتخابات میں وہ اتحاد کے طور پر میدان میں اتریں گے۔ چہارشنبہ کو میڈیا سے بات کرتے ہوئے مہاراشٹر نو نرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے نے کہا کہ شیوسینا اور مہاراشٹر نو نرمان سینا اتحاد کے شراکت دار ہوں گے اور ممبئی کو مراٹھی میئر ملے گا۔ اس موقع پر مہاراشٹر کے سابق چیف منسٹر اور شیوسینا کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے کہا کہ چاہے کچھ بھی ہو، ممبئی ہمارے ساتھ رہے گی۔

کلدیپ سنگھ سینگر کو ضمانت ملنا شرمناک اور مایوس کن یہ کیسا انصاف ہے؟: راہول

نئی دہلی۔24/ڈسمبر (ایجنسی) اناو عصمت ریزی معاملے میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے بی جے پی کے سابق رکنِ اسمبلی کلدیپ سنگھ سینگر کو دہلی ہائی کورٹ کی جانب سے مشروط ضمانت دیے جانے پر سیاسی حلقوں کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ کانگریس کے سینئر لیڈر اور لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی نے اس فیصلے کو شرمناک، مایوس کن قرار دیتے ہوئے عدالتی نظام پر سوال اٹھایا ہے۔ راہل نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعے اپنی ناراضگی ظاہر کی۔ انہوں نے ایک ایسی پوسٹ کو ری پوسٹ کیا جس میں دعوی کیا گیا تھا کہ احتجاج کے دوران عصمت ریزی کی متاثرہ خاتون کو پولیس نے ہٹا دیا۔ راہل نے سوال کیا کہ کیا ایک اجتماعی عصمت ریزی کی متاثرہ کے ساتھ ایسا سلوک مناسب ہے؟ کیا اسکی واحد غلطی یہ ہے کہ وہ

وقف جائیداد کے متولیان وقف ٹری بیونل سے فوری طور پر رجوع کریں

نئی دہلی۔24/ڈسمبر (ایجنسی) آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ بعض ریاستوں میں امید پورٹل پر ریاستی وقف ٹری بیونل کے امید افزا اور اچھے نتائج کے پیش نظر دوسری ریاستوں کے متولیان حضرات سے بھی گزارش کرتا ہے کہ وہ اپنی اپنی ریاستوں کے ریاستی وقف ٹری بیونلس سے وقف املاک کی اپلوڈنگ کے لئے فوری طور پر رجوع کریں۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے جنرل سکریٹری مولانا محمد فضل الرحیم مجددی نے ان ریاستوں کے وقف املاک کے متولیان اور وقف بورڈوں کے چیرمینوں سے اپیل کی ہے کہ وہ فوری طور پر وقف املاک کی اپلوڈنگ کے لئے اپنی اپنی ریاستوں کے وقف ٹری بیونلوں سے رجوع کریں، جہاں پر اب تک کوئی سہولت نہیں ملی ہے۔ بورڈ کے جنرل سکریٹری کے مطابق اب تک جن جن ریاستوں میں وقف ٹری بیونل سے رجوع کیا گیا اس کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آئے ہیں اور وقف ٹری بیونلز نے مختلف ادوار کے لیے مہلت میں توسیع منظور کر لی ہےجیسے اتر پردیش، پنجاب، گجرات، آندھرا پردیش، مہاراشٹرا اور تامل ناڈو میں) ماہ (کیرالا میں) ماہ (تلنگانہ اور راجستھان میں) ماہ (چھتیس گڑھ، اتراکھنڈ اور مدھیہ پردیش میں) ماہ (انہوں نے کہا کہ اگر دیگر ریاستوں کے متولیان بھی مذکورہ بالا ریاستوں کے ٹری بیونلس کے فیصلوں کو بنیاد بنا کر اپنی اپنی ریاستوں کے ٹری بیونلوں سے رجوع کریں تو توقع ہے کہ ہر جگہ اسی طرح کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ دنوں مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور نے بھی ذمہ داران بورڈ سے اپنی ملاقات میں یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ خود حکومت بھی وقف املاک کی اپلوڈنگ کے مسئلے پر حقیقت پسندانہ اپروچ اختیار کرے گی۔ جنرل سکریٹری بورڈ نے مزید اس امید اور توقع کا اظہار کیا کہ اگر دیگر وقف ٹری بیونلز کے سامنے ان ریاستوں کے فیصلوں کی بنیاد پر درخواستیں پیش کی جائیں، تو ان شا اللہ ہر جگہ اسی نوعیت کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آئیں گے۔ اس لئے کہ بورڈ کے عہدیداران سے ملاقات کے دوران مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور، کرن رجیجو جی نے یقین دہانی کرائی تھی کہ حکومت اس مسئلے پر حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کرے گی اور وقت میں توسیع کو یقینی بنائے گی۔ بظاہر اس کا عملی مظاہرہ مذکورہ ریاستوں میں دیکھنے کو ملا ہے، جہاں وقف بورڈز کی درخواست پر توسیع منظور کی گئی ہے۔ جنرل سکریٹری نے ان ریاستوں میں جہاں پہلے ہی وقت میں توسیع دی جا چکی ہے، متولیان و ٹرسٹیز، مسلم تنظیموں، اداروں، افراد اور پوری مسلم برادری سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اس موقع سے بھرپور اور مثر استفادہ کریں، جلد از جلد تفصیلات اپ لوڈ کرنے کے عمل کو مکمل کریں اور امید ایکٹ میں درج کسی بھی تعزیری کارروائی سے بچیں۔ علاوہ ازیں، متولیان و ٹرسٹیز پر شرعی، اخلاقی اور قانونی طور پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ان کے زیر انتظام اوقاف کی مناسب اور قانونی دیکھ بھال کی جائے۔ لہذا انہیں چاہیئے کہ فوراً اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کی طرف متوجہ ہوں اور اوقاف کی جائیدادوں کا تحفظ کریں، تمام متولیان اور عام المسلمین کو پوری مستعدی کے ساتھ اس پر فوری توجہ دینی چاہیئے۔

پنچایتوں کو 5 لاکھ اور 10 لاکھ روپئے خصوصی ترقیاتی فنڈ کا اعلان

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کے سی آر کے خاندان کو اقتدار سے دور رکھنے کیا کا عہد

کوڑنگل ۔24/ڈسمبر (سفیر نیوز ر صدائے حسینی) تلنگانہ کے وزیر اعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ کوڑنگل کا بچہ ہونے کے ناطے میں اپنی آواز کے اوپر سے بول رہا ہوں اور جب تک میں سیاست میں ہوں، میں کے سی آر اور کلوا کنٹلا خاندان کو اقتدار میں نہیں آنے دوں گا، یہ میرا حلف ہے۔ نارائن پیٹ ضلع کے کوسگی میں منعقدہ سرپنچوں کی تہنیتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ کے سی آر کو دوبارہ اقتدار میں نہیں آنے دیں گے، یہ ان کا چیلنج ہے۔ انہوں نیکہا کہ بی آر ایس ماضی ہے اور مستقبل صرف کانگریس کا ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ 2029 کے اسمبلی انتخابات میں کانگریس 80 سے زیادہ سیٹیں جیت لے گی اور اگر حلقوں کی دوبارہ تقسیم ہو کر 153 ہو جاتی ہے تو وہ 100 سے زیادہ سیٹیں جیت لے گی۔ چیف منسٹر نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا، اسے لکھ لیں۔ ہم دوسری بار کانگریس کی حکومت لائیں گے۔ چیف منسٹر نے کے سی آر پر تنقید کی کہ وہ دس سالوں میں کوئی بھی پروجیکٹ مکمل نہیں کر سکے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ گاں کی ترقی کے لیے براہ راست سرپنچوں کو فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے دیہاتوں کو 10 لاکھ روپے۔ اور روپے فراہم کیے جائیں گے۔ چھوٹے گاں کو خصوصی ترقیاتی فنڈ کے طور پر 5 لاکھ روپے۔ سی ایم نے واضح کیا کہ یہ فنڈز وزیروں، ایم ایل ایز اور ایم پیز کی مداخلت کے بغیر براہ راست گرام پنچایتوں کو فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ذریعے دیہات میں ترقیاتی کاموں میں تیزی آئے گی۔ اپنے سیاسی سفر میں کوڑنگل کے لوگوں کے تعاون کو یاد کرتے ہوئے، سی ایم ریونت ریڈی نے کہا، "آپ نے مجھے 2009 سے اپنے کندھوں پر اٹھایا ہے۔ آپ کے اعتماد نے مجھے اس سطح تک پہنچایا ہے۔ "انہوں نے کہا کہ وہ کوڑنگل کو ملک کے لئے ایک مثالی بنائیں گے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ کے سی آر نے انہیں جیل بھیج دیا اور ان کے خاندان کے افراد کو پریشان کیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ کے سی آر ان پر تنقید کریں گے اور انہیں پھاڑ دینے کی دھمکی دیں گے لیکن ہمارے سرپنچ اس دوران آپ کو پریشان کر دیں گے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا وہ مرکزی وزیر، چیف منسٹر، ریاستی وزیر اور تلنگانہ کو حاصل کرنے کا دعوی کرنے والے کے طور پر ایسے الفاظ بول سکتے ہیں۔ انہوں نیکہا کہ اگر ہم بولنا چاہتے تو بہت باتیں کریں گے لیکن ہم شائستگی سے کام نہیں لیں گے اور خاموش رہیں گے۔ انہوں نے سخت تبصرے کیے کہ اگر ہم نے بولنا شروع کیا تو ہم ملنا ساگر میں کود کر مر جائیں گے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا کے سی آر کو 40 سال کا سیاسی تجربہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ پالامورو پراجیکٹ برباد ہو گیا اور کوئی بھی پراجیکٹ مکمل نہیں ہوا۔ انہوں نے بی آر ایس پر الزام لگایا کہ اس نے اپنے دس سال کے اقتدار کے دوران پالامورو پروجیکٹوں کو نظر انداز کیا۔ انہیں اس بات پر غصہ تھا کہ دس سالوں میں ریاست قرضوں کے ڈھیر میں تبدیل ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ کے سی آر ہجرت کر کے پالامورو کے رکن پارلیمنٹ بن گئے۔ انھوں نے کہا کہ اگر بدلہ لینا شروع کیا تو ریاست کو نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے تبصرہ کیا کہ میں نے حلف اٹھاتے ہی انھیں معزول کر دیا، اس سے بڑی سزا اور کیا ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے سی آر نے اپنے فارم ہاس کو جیل میں تبدیل کر دیا ہے اور اگر انہیں چرلا پلی اور چنچل گوڑا جیلوں میں بھیجا جائے تو بھی یہی صورتحال رہے گی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ وہ نلا مالا سے آئے ہیں اور زیڈ پی ٹی سی، ایم ایل اے اور ایم پی ہونے کے بعد چیف منسٹر بنے ہیں۔ انہوں نے تبصرہ کیا کہ اگر کے سی آر اسمبلی میں آتے ہیں تو وہ کسی بھی مسئلہ پر بات کرنے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اب بھی کے سی آر کی عمر کا احترام کریں گے اور کے سی آر کو چاہیئے کہ وہ آئیں اور اس ماہ کی 29 تاریخ سے ہونے والی میٹنگوں کے لئے تجاویز دیں۔

امریکہ نے رینڈم لاٹری سسٹم کیا ختم

بدل گئے ایچ 1-بی ویزا کے اصول، ہندوستانیوں کو ہوگا نقصان

واشنگٹن ۔24/ڈسمبر (ایجنسی) امریکہ میں ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے ایچ 1-بی ورک ویزا کے لیے پرانے رینڈم لاٹری سسٹم کو ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس کے بجائے ایک نیا ویٹڈ سلیکشن سسٹم لایا جائے گا، جو زیادہ ہنرمند اور زیادہ تنخواہ والے غیر ملکی ورکرز کو ترجیح دے گا۔ یہ تبدیلی امریکی ورکرز کی تنخواہوں، ملازمتوں اور کام کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔ یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکورٹی اور یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز) یو ایس سی آئی ایس (نے منگل 23) دسمبر (کو یہ نیا اصول جاری کیا ہے۔ یو ایس سی آئی ایس کے ترجمان میتھیو ٹریجسر نے کہا کہ پرانے رینڈم لاٹری سسٹم کا فائدہ اٹھا کر کئی امریکی کمپنیاں کم تنخواہ پر غیر ملکی ورکرز لا رہی تھیں، جو امریکی ورکرز سے کم پیسے پر کام کرنے کو تیار تھے۔ ٹرمپ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ پرانے سسٹم کا غلط استعمال ہو رہا تھا۔ کمپنیاں انٹری لیول کی ملازمتیں دکھا کر کم تنخواہ پر غیر ملکی ورکرز لاتی تھیں، خواہ ان کے پاس زیادہ تجربہ ہو۔ اس سے امریکی ورکرز کی ملازمتوں اور تنخواہوں پر اثر پڑتا تھا۔ نیا سسٹم امریکہ فرسٹ پالیسی کے تحت ہے، جو اعلی ہنرمند ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ انڈین پروفیشنلز ایچ 1-بی ویزا کے سب سے بڑے صارف ہیں۔ اس تبدیلی سے انٹری لیول یا کم تنخواہ والے نوجوان ہندوستانیوں کے لیے ویزا حاصل کرنا مشکل ہو جائے گا۔ دوسری جانب زیادہ تنخواہ اور سینئر عہدوں پر کام کرنے والے تجربہ کار ورکرز کو فائدہ ہوگا۔ رواں سال ایمیزون سب سے زیادہ (+10000) ایچ 1-بی ویزا حاصل کرنے والی کمپنی تھی، جس کے بعد ٹی سی ایس، مائیکروسافٹ، ایپل اور گوگل کا نمبر رہا۔

گریٹا تھنبرگ لندن میں گرفتار، فلسطینی حامی کارکن کی حمایت کا الزام

لندن ۔24/ڈسمبر (ایجنسی) ماحولیاتی تبدیلی کی کارکن گریٹا تھنبرگ کو منگل 23) دسمبر (کو سنٹرل لندن میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ان پر فلسطینی حامی کارکن کی حمایت کرنے کا الزام ہے۔ یہ فلسطینی حامی پہلے بھی کئی مظاہروں سے متعلق الزامات میں ٹرائل کا انتظار کرتے ہوئے اپنی گرفتاری کے خلاف بھوک ہڑتال کر رہا ہے۔ اس سے متعلق ایک ویڈیو احتجاجی گروپ پریزنرز فار فلسطین نے شیئر کیا ہے۔ اس میں ایک 22 سالہ سویڈش لڑکی ایک پلے کارڈ پکڑے ہوئے نظر آ رہی ہے۔ یہ بھوک ہڑتال کرنے والوں کی فلسطین ایکشن نامی تنظیم سے وابستہ ہے، وہ اسی کا حمایت کر رہی تھی۔ واضح رہے کہ برطانوی حکومت اس تنظیم کو دہشت گرد تنظیم قرار دے چکی ہے۔ رواں سال کی شروعات میں اس تنظیم پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ یہ احتجاج ایک بڑی تحریک کا حصہ تھا۔ اس میں 2 دیگر کارکنوں نے سٹی آف لندن میں ایک انشورنس کمپنی کے سامنے سرخ پینٹ پھینکا تھا۔ سٹی آف لندن، سنٹرل لندن کا وہ علاقہ ہے جسے برطانیہ کی مالیاتی خدمات کی صنعت کا مرکز مانا جاتا ہے۔ پریزنرز فار فلسطین کے مطابق انہوں نے انشورنس کمپنی کو اس لیے نشانہ بنایا کہ وہ اسرائیل سے منسلک دفاعی فرم ایلبٹ سسٹم کی حمایت کرتی ہے۔ سٹی آف لندن کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک آدمی اور ایک خاتون کو مجرمانہ نقصان پہنچانے کے شبہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔ جبکہ تیسری خاتون کو ایک کالعدم تنظیم کی حمایت کرنے کے شک میں گرفتار کیا گیا ہے۔

SUPPORT US
Scan to pay with any UPI app
Be A Part Of
Sada-E-Hussaini
9246500619

اپنا اخبار اپنی بات
APNA AKHBAR APNI BAAT
sadaehussaini.com / sadaehussaini.in /
sadaehussaini@gmail.com
Mobile : 9490618051 Whatsup : 9346938539

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
صدائے حسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
Thursday 25-12-2025 epaper.sadaehussaini.com

آیت کریمہ: تو موسی نے اپنے دل میں) قوم کی گمراہی کا (خوف محسوس کیا۔ ہم نے کہا کہ موسی ڈرو نہیں تم بہر حال غالب رہنے والے ہو (سورہ طہ۔ آیت 68-67)

حدیث شریف: میری امت میں سے جو شخص چالیس احادیث یاد کرلے (یا لکھے) تو خداوندِ کریم بروز حشر اسکا نام علماء اور فقہاء کی فہرست میں درج کرے

حضرت علیؑ نے فرمایا: انسان تعجب کے قابل ہے کہ چربی سے دیکھتا ہے، گوشت کے لوتھڑے سے بولتا ہے، ہڈی سے سنتا ہے اور سوراخ سے سانس لیتا ہے۔

سورہ فاتحہ
برائے ایصال ثواب

سید احمد حسین جعفری صاحب مرحوم
ابن سید کلب حسین جعفری صاحب مرحوم
محترمہ کنیز عباس صاحب مرحومہ
بنت میر فیاض علی صاحب مرحوم
کی روح کو شاد فرمائیں۔
محترمہ فاطمہ بیگم صاحب مرحومہ
بنت سید بسم اللہ خان صاحب مرحوم

سورہ فاتحہ
برائے ایصال ثواب

سید محمد آصف صاحب مرحوم
ابن سید احمد حسین صاحب مرحوم



معروضہ : خانوادہ مرحوم

حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی چالیس حدیثیں

انتخاب و ترجمہ: سید حمید الحسن زیدی، الاسوہ فائنڈیشن سیتاپور

۱۔ جو اللہ کی نافرمانی سے ڈرتا ہے لوگ اس کی نافرمانی سے ڈرنے لگتے ہیں جو آ للہ کی اطاعت کرتا ہے لوگ اس کی اطاعت کرنے لگتے ہیں جو اپنے خالق کی اطاعت کرتا ہے وہ مخلوق کی ناراضگی کی پرواہ نہیں کرتا اور جو اللہ کو ناراض کردیتا ہے وہ مخلوق کی ناراضگی کا شکار ہو جاتا ہے۔

۲۔ جو اللہ سے مانوس ہوتا ہے وہ لوگوں سے احساس وحشت کرتا ہے اللہ سے انسیت کی علامت یہ ہے کہ لوگوں سے وحشت محسوس ہو۔

۳۔ راتوں میں جاگنا نیند کی لذت کو بڑھا دیتا ہے اور بھوک کھانے کا ذایقہ بڑھا دیتی ہے۔

۴۔ جو تم سے کینہ رکھے اس خلوص و محبت کی توقع نہ رکھو اور اس سے نصیحت نہ چاہو جس کی طرف سے بدگمانی میں مبتلا ہو اس لیے کہ تمھارے غیر کا دل تے اس کیبارے میں تمھارے دل کی طرح ہے

۵۔ حسد نیکیوں کو ختم کر دیتا ہے غرور و تکبر دشمنی پیدا کرتا ہے خود پسندی علم کے حصول کی راہ میں رکاوٹ ہے جس کی وجہ سے انسان پستی اور جہالت میں مبتلا رہتا ہے کنجوسی سب سے زیادہ قابل مذمت عادت ہے اور لالچ سب سے بری عادت ہے۔

۶۔ ہنسی مذاق بیوقوفوں کا کام اور جاہلوں کا طریقہ کار ہے

۷۔ دنیا ایک بازار ہے جہاں ایک قوم کو فایدہ ہوتا ہے تو دوسری گھاٹا اٹھاتی ہے۔

۸۔ لوگ دنیا میں مال و دولت سے پہچانے جاتے ہیں اور آخرت میں اعمال سے

۹۔ برے لوگوں کیساتھ اٹھنا بیٹھنا خود تمھارے برے ہونے کی دلیل ہے

۱۰۔ قم اور آبہ کے لوگ مغفرت شدہ ہیں اس لیے کہ ان کو شہر طوس میں ہمارے جد امام علی ابن موسی رضا علیہ السلام کی زیارت کا شرف حاصل ہے آگاہ رہنا کہ جو میرے جد کی زیارت کرے اور اسکے اوپر آسمان سے ایک قطرہ گر جائے تو خدا اس کے جسم پر جہنم کی آگ کو حرام کر دیتا ہے۔

۱۱۔ روایت ہے کہ میں نے امام علی نقی علیہ السلام سے دریافت کیا کہ کیوں قرآن مجید زمانہ گذرنے کے ساتھ ساتھ پرانا اور بوسیدہ نہیں ہوتا امام علیہ السلام نے فرمایا: خداوند عالم نے اسے کسی مخصوص زمانے کے لیے نازل نہیں فرمایا وہ ہر زمانے میں نیا اور قیامت تک ہر شخص کے لیے قابل عمل ہے۔

۱۲۔ کمزور کے سامنے غصہ اور غیظ و غضب کا اظہار عجز و ناتوانی اور طاقت ور کے مقابلے میں اس کا اظہار پستی اور ذلت ہے۔

۱۳۔ ہمارے شیعوں میں سے وہ علما جو ہمارے چاہنے والوں اور ہماری ولایت کا عقیدہ رکھنے والوں میں سے کمزور افراد کا خیال رکھتے ہیں قیامت میں اس حال میں لایے جائیں گے کہ ان کے سروں پر چمکتا ہوا تاج ہوگا

۱۴۔ امامؑ نے اپنے بعض غلاموں سے فرمایا: میرے لیے بینگن زیادہ پکایا کرو وہ گرمی (کی ضروت) کے وقت گرم اور سردی (کی ضرورت) کے وقت سرد اور سال کے تمام دنوں میں معتدل رہتا ہے اور ہر حال میں مفید ہوتا ہے

۱۵۔ ہاتھی کے دانت کے کنگھے سے کنگھا کرنا بالوں کو اگاتا اور ان میں اضافہ کرتا ہے اور دماغ کے کیڑوں کو مارتا ہے اس سے جبڑے مضبوط اور مسوڑے سالم رہتے ہیں۔

۱۶۔ اس وقت کو یاد کرو جب تم اپنے خاندان والوں کے میں سامنےجانکنی کے عالم میں پڑے ہوگے اس وقت نہ کوئی طبیب روک سکے گا اور نہ دوست فایدہ پہونچا سکے گا۔

۱۷۔ حرام مال میں نمو نہیں ہوتا اگر زیادہ بھی ہوجایے تو اس میں برکت نہیں ہوگیا اس میں سے جو راہ خدا میں خرچ ہو اس پر ثواب نہیں ملتا جو بچ جاتا ہے وہ جہنم کے لیے زاد سفر بن جاتا ہے۔

۱۸۔ فاسد دلوں پر حمت کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

۱۹۔ جو شخص خود سے راضی ہو جاتا ہے اس بہت سے لوگ ناراض ہو جاتے ہیں۔

۲۰۔ صبر کرنے والے کے لیے اکہری مصیبت ہوتی ہے اور شکوہ کرتے ہوے چلانے والے کے لیے دوہری۔

۲۱۔ خداوند عالم کے کچھ پسندیدہ مقامات ہیں جن میں دعا کرنا اسے پسند ہے اور وہاں کی جانے والی دعا خدا کی بارگاہ میں قبول ہوتی ہے حرم امام حسین علیہ السلام بھی انھیں مقامات میں سے ہے۔

۲۲۔ خداوند عالم ہی دیریا زود ثواب دینے والا سزا دینے والا اور جزا دینے والا ہے۔

۲۳۔ جو خود اپنی نظر میں گر جائے اس کے شر سے اپنے کو محفوظ نہ سمجھو۔

۲۴۔ تواضع اور انکساری یہ ہیکہ دوسروں کیلئے بھی وہی مقام دو جو تمھیں اپنے لئے پسند ہے۔

۲۵۔ جسم و اندام خلق ہونیوالے ہیں اور خداوند عالم انھیں خلق کرنیوالا ہے

۲۶۔ خداوند عالم ہمیشہ سے ہے اسکے علاوہ کوئی ہمیشہ سے نہیں ہے اس نے مخلوقات کو سب سے انوکھے انداز میں پیدا کیا اور اپنے لئے بہترین ناموں کا انتخاب کیا۔

۲۷۔ جب ہمارے قائم کا قیام ہوگا تو وی اپنے علم کے مطابق فیصلہ کریں گے جیسے جناب داد فیصلہ کرتے تھے انھیں گواہوں کی ضرورت نہیں ہوگی۔

۲۸۔ جو خدا کی اطاعت اسے مخلوق کی نراضگی کی پرواہ نہیں ہوتی اور جو خالق کو ناراض کردیتا ہے وہ مخلوقات کیے بخل کرنے سے بھی محروم رہتا ہے۔

۲۹۔ علم ایک بہترین میراث ہے ادب بہترین سامان زینت ہے اور فکر خیا ایک صاف و شفاف آئینہ ہے۔

۳۰۔ خود پسندی حصول علم کی راہ سے دور کرنے والیا ور ذلت و جہالت میں مبتلا کرنے والی صفت ہے

۳۱۔ جو تم سے امید لگائے اسے مایوس نہ کرو ورنہ غضب پروردگار کا شکار ہو جاگے

۳۲۔ لالچی شخص کو کبھی راحت نہیں ملتی۔

۳۳۔ چیخنا چلانا غیظ و غضب کا پیش خیمہ ہے اور لیکن یہ چیخنا چلانا بغض و کینہ رکھنے سے بہتر ہے

۳۴۔ مالداری اور ثروت مندی یہ ہے کہ آرزوئیں کم ہوں اجو کچھ تمھارے لئے کافی ہو اس پر راضی رہو اور فقر و تنگدستی یہ ہے کہ نفس کی خواہشات طولانی ہوں اور ان کے حاصل نہ ہو پانے کی صورت میں مایوسی کا شدید احساس ہو نیز چھوٹی اور حقیر چیزوں کو اہمیت دی جائے

۳۵۔ میرے بعد حسن امام ہونگے ان کے بعد ان کے بیٹے قائم امام ہوں گے جو زمین کو اسی طرح عدل و انصاف سیبھر دیں گیجیسیوہ ظلم و جور سیبھری ہوگی۔

۳۶۔ جس زمانے میں عدل و انصاف کا بول بالا ہو اور ظلم و ستم کا خاتمہ ہو چکا ہو اس زمانے میں کسی سے دگمانی کرنا حرام ہے سوائے اس کے کہ کسی کے بارے میں برائی کا یقین ہو۔

۳۷۔ بیشک ہمارے شیعوں کیلئے ہماری ولایت کی بنا پر عصمت کی منزل ہے اگر وہ اس پر گامزن اور ثابت قدم رہیں چاہیے گہرے سمندروں کی تہ میں ہی کیوں نہ ہوں۔

۳۸۔ اے داد اگر تم کہتے ہو کہ تقیہ کو ترک کرنے والا نماز ترک کرنے والے کی طرح ہے تو تمہارا یہ کہنا سچ ہے۔

۳۹۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے حلم و بردباری کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ حلم و بردباری یہ ہے کہ اپنے نفس پر کنٹرول رکھو اور اپنے غصہ پر قابو کرو اور یہ اس وقت ممکن ہے جو تمہارے اندر اس کی طاقت ہو۔

۴۰۔ خداوند عالم نے دنیا کو امتحان گاہ بنایا ہے اور آخرت کو نتیجہ کی جگہ قرار دیا ہے اس نے دنیس کے امتحان کو اخرت میں ثواب حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا ہے اور اخرت کے ثواب کو دنیا میں امتحان کی جزا قرار دیا ہے۔

معاشرے کی نورانیت کا دار و مدار مبلغ دین کی نورانیت پر ہے

بوشہر۔24/ڈسمبر (حوزہ نیوز ایجنسی /صدائے حسینی) ایران کے صوبہ بوشہر میں نمائندہ ولی فقیہ حجۃ الاسلام والمسلمین غلام علی صفائی بوشہری نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا: علما اور مبلغینِ دین اپنی نورانیت کے مطابق معاشرے کی رہنمائی کرتے ہیں، جتنی زیادہ یہ نورانیت ہوگی، ان کی تاثیر بھی اتنی ہی گہری ہوگی۔ انہوں نے کہا: ماہ رجب، شعبان اور رمضان ایک مکمل معنوی نظام تشکیل دیتے ہیں۔ ماہ رجب خودسازی وسکوت کا مہینہ، شعبان عروج کا مہینہ اور رمضان اللہ کی نصرت و وصال کا مہینہ ہے، اور بغیر خودسازی وسکوت کے عروج و وصال ممکن نہیں۔ امام جمعہ بوشہر نے مبلغِ دین کے مقام و مرتبہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: جس طرح بغیر چراغ کے کمرہ روشن نہیں ہوتا، اسی طرح بغیر مبلغ کے معاشرہ منور نہیں ہوسکتا۔ لیکن معاشرے کی نورانیت کا دار و مدار مبلغ کی اپنی نورانیت پر ہے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف زبان کے مبلغ نہیں تھے بلکہ 'سراج منیر' تھے، یعنی خود بھی نورانی تھے اور دوسروں کو بھی نور بخشتے تھے۔ صوبہ بوشہر میں نمائندہ ولی فقیہ نے خودسازی کو تبلیغ پر مقدم قرار دیتے ہوئے کہا: سب سے پہلی تبلیغ 'تبلیغِ نفس' ہے۔ عالم دین کو ہر روز اپنی نورانیت، صداقت، عمل اور اخلاص میں اضافہ کرنا چاہیے تبھی اس کا کلام مؤثر ہوگا۔ وہ زبان جو دل سے نکلے اور عمل کیساتھ ہو، وہی دلوں کی رہبری کرتی ہے۔ حجۃ الاسلام صفائی بوشہری نے کہا: علما معاشرے میں فیضِ الٰہی کی اہم واسطہ ہیں۔ انبیا وائمہ اطہار علیہم السلام کے بعد اللہ نے انسانیت کی ہدایت کے تسلسل کے لیے علما اور مبلغین کا گروہ منتخب کیا ہے۔ ایک عالم اگر مبلغ نہ بنے تو اس کا اثر محدود رہتا ہے۔

عالم اسلام کو پہلے سے کہیں زیادہ اتحاد کی ضرورت

قزوین۔24/ڈسمبر (حوزہ نیوز ایجنسی /صدائے حسینی) بنگلہ دیش میں رہبر معظم کے نمائندے، حجۃ الاسلام والمسلمین سید مہدی علیزادہ موسوی اپنے دورصوبہ قزوین کے دوران امام جمعہ قزوین حجۃ الاسلام والمسلمین حسین مظفری اور مدیرِ حوزہ علمیہ قزوین حجۃ الاسلام والمسلمین اصغر عرفانی سے ملاقات اور گفتگو کی۔ انہوں نے اس ملاقات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قزوین اسلامی جمہوریہ ایران کی تاریخ میں ایک اہم اور اثر انداز صوبہ رہا ہے اور یہ علما و دانشوروں کی تربیت کا گہوارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حوزہ اور یونیورسٹی کے درمیان نشستیں، تعاون اور مختلف میدانوں میں باہمی تعامل نہایت نتیجہ خیز ثابت ہوسکتا ہے۔ علیزادہ موسوی نے قم میں قائم ادارہ احسن کا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ یہ ادارہ ثقافتی یلغار کے مقابلے، فکری شبہات کی شناخت و جواب دہی، اسلامی معارف کی تبلیغ و ترویج خصوصا ائمہ معصومین علیہم السلام کے آثار کے فروغ، معاشرے کی روحانی تربیت اور کتب و جزوات کی اشاعت کے مقصد سے قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے اور حوزہ علمیہ قزوین کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ آج دنیائے اسلام کو اپنی اصل شناخت کی بازیافت اور اسلامِ ناب کے درست راستے کی پہچان کی اشد ضرورت ہے۔ موجودہ حالات میں مسلمانوں کیلئے اتحاد و وحدت ناگزیر ہے اور سب کو قرآن کے پرچم تلے جمع ہو کر خداوند متعال اور رسولِ اکرمؐ کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔ قم میں ادارہ احسن کے مدیر نے مزید کہا کہ آج دنیا بھر میں مختلف صورتوں میں اسلام کی طرف رجحان بڑھ رہا ہے اور دنیا کے انسان اسلامِ نابِ محمدیؐ کے پیاسے ہیں، جیسا کہ یہ حقیقت اسلامی جمہوریہ ایران میں عملی طور پر جلوہ گر ہے۔

جب تک غاصبانہ قبضہ ہے، ہمارا اسلحہ بھی رہے گا

غزہ۔24/ڈسمبر (مہر خبر رساں ایجنسی /صدائے حسینی) فلسطینی اسلامی مزاحمتی تحریک حماس کے رہنما اسامہ حمدان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مزاحمت کا اسلحہ حوالے کرنے سے متعلق کسی بھی قسم کی بحث کو مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے تاکید کی کہ مزاحمت کا اسلحہ ایک قانونی اسلحہ ہے اور جب تک غاصبانہ قبضہ جاری ہے، یہ اسلحہ بھی موجود رہے گا۔ انہوں نے خطے کی صورتحال میں امریکہ کے کردار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ خطے پر اپنی بالادستی کا منصوبہ رکھتا ہے اور اس مقصد کے لیے صہیونی ریاست کو مرکزی ستون کے طور پر دیکھتا ہے۔ حماس کے عہدیدار نے مزید کہا کہ بنیامین نتن یاہو بخوبی جانتے ہیں کہ امریکی منصوبے کی اصل بنیاد پورے خطے کو اس طرح غیر مسلح کرنا ہے کہ اسرائیل کے سوا کسی کے پاس اسلحہ باقی نہ رہے۔ یہ معاملہ براہِ راست اس مقصد کے لیے ہے جسے گریٹر اسرائیل کہا جاتا ہے۔ حمدان نے اس طرزِ عمل کے نتائج سے خبردار کرتے ہوئے واضح کیا کہ مزاحمت کو غیر مسلح کرنے کا مطلب اسلامی امت کی زمینوں کے ایک بڑے حصے کو نگلنے کے لیے دروازے کھولنا ہے۔

اسلامی عقائد کو درپیش عالمی فکری چیلنجز کا مؤثر جواب وقت کی ضرورت

قم۔24/ڈسمبر (حوزہ نیوز ایجنسی /صدائے حسینی) سربراہ حوزہ علمیہ ایران آیت اللہ علی رضا اعرافی نے کہا ہے کہ آج عالم اسلام کو فکری، اعتقادی اور نظریاتی سطح پر بے مثال چیلنجز کا سامنا ہے، جن کا جواب صرف مضبوط، عقلی اور اجتہادی اسلامی فکر کے ذریعے ہی دیا جا سکتا ہے، اسلامی عقائد (علم کلام) کو فقہ و اصولِ فقہ کے اجتہادی معیار تک لے جانا وقت کی فوری ضرورت ہے۔ آیت اللہ اعرافی کے مطابق، الحادِ جدید، مغربی مادی تہذیب کے فکری بحران، اندرونی فرقہ وارانہ شبہات اور جدید سائنسی و فلسفیانہ سوالات نے پوری دنیا میں مسلمانوں کے عقائد کو متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں حوزات علمیہ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ صرف دفاعی انداز اختیار نہ کریں بلکہ عالمی فکری میدان میں فعال اور مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی علمی اداروں کو چاہیے کہ وہ دنیا کی یونیورسٹیوں، تحقیقی مراکز اور علمی فورمز میں سنجیدہ اور مدلل مکالمہ کرنے کی صلاحیت پیدا کریں، تاکہ اسلام کے عقلی، اخلاقی اور انسانی پیغام کو عالمی سطح پر پیش کیا جا سکے۔ اس مقصد کیلئے ضروری ہے کہ علمِ کلام میں اعلی درجے کی تحقیق، جدید اسلوب اور عالمی زبانِ استدلال اپنائی جائے۔ آیت اللہ نے اس بات پر خاص زور دیا کہ آج کے بیشتر اعتقادی سوالات جدید علوم، مغربی فلسفہ، انسانی علوم، طبیعیات اور کائنات شناسی سے جنم لے رہے ہیں۔ ان کے مطابق، جب تک اسلامی مفکرین اور علما ان علوم سے گہری واقفیت حاصل نہیں کریں گے، اس وقت تک مؤثر علمی جواب ممکن نہیں ہوگا۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت کو مستقبل کا ایک بڑا فکری اور اخلاقی چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ اب یہ صرف ایک ٹیکنالوجی نہیں رہی، بلکہ علم کی تیاری میں فعال کردار ادا کرنے جارہی ہے۔ اس لیے اسلامی دنیا کو چاہیے کہ مصنوعی ذہانت سے متعلق الہیات، اخلاق، فقہ اور قانونی پہلوں پر سنجیدہ علمی کام کرے۔ سربراہ حوزات علمیہ کے مطابق، اسلام کی علمی میراث ایک عظیم سرمایہ ہے، جسے جدید زبان اور عصری اسلوب میں دوبارہ پیش کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ آج کی نسل اور عالمی برادری اس سے فائدہ اٹھا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی فکر اگر عقل، دلیل اور تحقیق کے ساتھ دنیا کے سامنے آئے تو وہ مغربی تہذیب کے فکری دعوں کا مثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ آخر میں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اسلامی علمی مراکز عالمی سطح پر فکری رہنمائی کا کردار ادا کریں گے اور اسلام کے عقلی و انسانی پیغام کو دنیا تک پہنچانے میں اپنا تاریخی فرض ادا کریں گے۔

آیت اللہ العظمیٰ صافی گلپایگانی کی چوتھی برسی کے موقع پر ایک عظیم الشان تعزیتی تقریب قم المقدسہ میں واقع مسجد امام حسن عسکری علیہ السلام میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر علما، فضلا، طلاب اور عوام کے مختلف طبقات کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب سے معروف عالم دین حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ حسین انصاریان نے خطاب کیا، جس میں انہوں نے مرحوم مرجع تقلید کی علمی، دینی اور سماجی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

نسل پرست اسرائیلی وزیر نے فلسطینی قیدیوں کو زہر دینے کی تجویز کی تائید

یروشلم۔24/ڈسمبر (ایجنسی) بن گویر کا کہا کہ سو صیہونی ڈاکٹروں نے اس ان کے اس منصوبے پر عمل درآمد کے لئے اپنی آمادگی کا اعلان کیا ہے۔ صیہونی حکومت کے اندرونی سلامتی کے وزیر بن گویر نے دعوی کیا ہے کہ سو صیہونی ڈاکٹروں نے فلسطینی قیدیوں کو موت کے گھاٹ اتارنے کے لئے اپنی خدمات کی پیش کش کی ہے۔ غاصب صیہونی حکومت کے انتہائی نسل پرست اور درندہ صفت، دہشت گرد وزیر بن گویر نے صیہونی پارلیمنٹ میں اپنی تقریر میں کہا ہے کہ سو صیہونی ڈاکٹروں فلسطینی قیدیوں کو سزائے موت دینے کا بل پاس ہوجانے کی صورت میں اس کام میں اپنی رضا کارانہ خدمات کے لئے آمادگی کا اعلان کیا ہے۔ مذکورہ بل میں ان تمام فلسطینی قیدیوں کو جن کے لئے ثابت ہوجائے کہ صیہونیوں کے قتل میں ملوث رہے ہیں، نوے دن کے اندر زہر کے انجیکشن کے ذریعے سزائے موت دینے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ بن گویر نے صیہونی پارلیمنٹ میں اپنی تقریر میں کہا کہ غزہ سے قیدیوں کی واپسی، فلسطینی قیدیوں کو سزائے موت دینے کے اس قانون پر عمل نہ کرنے کے ہر قسم کا جواز ختم کر دے گی۔ دہشتگرد صیہونی ٹولے کے وزیر ایتامار بن گویر کی تجویز پر اس غیر انسانی بل کو صیہونی پارلیمنٹ سے ابتدائی منظوری مل گئی ہے لیکن ابھی حتمی منظوری باقی ہے۔

غزہ میں غذائی سکیورٹی کا شدید بحران، 16 لاکھ افراد فاقہ کشی کے دہانے پر

غزہ۔24/ڈسمبر (ایجنسی) انٹیگریٹڈ فوڈ سکیورٹی تنظیم نے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں تقریبا 16 لاکھ افراد شدید غذائی عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ سنگین صورتحال قابض صہیونی ریاست کی طرف سے مسلط کردہ محاصرے کے باعث علاقے میں جاری معاشی بحرانوں اور مسلسل تنازعات کا براہ راست نتیجہ ہے۔ تنظیم نے واضح کیا کہ یہ حالات آبادی کی زندگیوں کے لیے ایک بڑے خطرے کی صورت اختیار کر چکے ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ متاثرہ افراد کے لیے خوراک اور بنیادی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انسانی معاونت اور ہنگامی اقدامات میں فوری اضافہ کیا جائے۔ غزہ میں وزارت صحت کے ڈائریکٹر ڈاکٹر منیر البرش نے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں پانچ سال سے کم عمر کے تقریبا 3 لاکھ 20 ہزار بچے شدید غذائی قلت کے خطرے سے دوچار ہیں۔ ان کے مطابق اس کی وجہ مسلسل معاشی اور انسانی بحران اور خوراک اور بنیادی امداد کی شدید کمی ہے۔ انہوں نے بچوں کی صحت اور جانوں کے تحفظ کے لیے فوری غذائی اور طبی امداد کی فراہمی کو ناگزیر قرار دیا اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ غزہ میں انسانی المیے کو کم کرنے کے لیے اپنی کوششیں تیز کرے۔ اقوام متحدہ کی فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی انروا نے بھی تصدیق کی ہے کہ غزہ کی صورتحال بدستور نہایت ابتر ہے۔ ایجنسی کے مطابق خاندان شدید مشکلات سے دوچار ہیں کیونکہ خوراک کی شدید قلت اور وسیع پیمانے پر تباہی نے ان کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ "انروا نے انٹیگریٹڈ فوڈ سکیورٹی فیز کلاسیفکیشن رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ غزہ میں تقریبا 16 لاکھ افراد شدید غذائی عدم تحفظ کی بلند ترین سطح کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ آبادی کو خوراک اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری انسانی مداخلت ناگزیر ہو چکی ہے۔ ادھر سیو دی چلڈرن تنظیم نے بھی خبردار کیا ہے کہ جنگ بندی کے باوجود غزہ میں انسانی المیہ بدستور جاری ہے۔ تنظیم نے زور دیا کہ آبادی کیلئے فوری امداد کی فراہمی انتہائی ضروری ہے۔ تنظیم نے مطالبہ کیا کہ سرحدی راستے فوری طور پر کھولے جائیں تاکہ انسانی امداد بشمول عارضی رہائشگاہوں اور سردیوں کے ملبوسات غزہ میں داخل ہوسکیں۔

غزہ میں قابض اسرائیلی فائرنگ سے ایک فلسطینی شہید

غزہ۔24/ڈسمبر (ایجنسی) غزہ میں آج بدھ کے روز قابض اسرائیلی افواج کی فائرنگ سے ایک فلسطینی شہری شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ قابض اسرائیل مسلسل 76 ویں روز بھی سیز فائر اور جنگ بندی معاہدے کی سنگین خلاف ورزیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی دوران بارشوں کے نئے سلسلے نے بے گھر فلسطینیوں کے بوسیدہ خیموں کو ڈبو دیا ہے۔ شمالی غزہ میں جبالیا البلد اور جنوبی غزہ میں خان یونس کے مشرقی علاقوں میں قابض اسرائیلی فائرنگ کے نتیجے میں ایک شہری شہید اور دیگر زخمی ہوئے۔ طبی ذرائع نے بتایا کہ جبالیا البلد کے علاقے الجرن میں قابض افواج کی جانب سے شہریوں کے ایک گروہ پر براہ راست فائرنگ کے نتیجے میں ایوب عبد عائش نصر شہید ہو گئے جبکہ دو دیگر شہری زخمی ہوئے۔ اسی طرح خان یونس شہر کے مشرق میں قابض اسرائیلی فائرنگ سے مزید تین فلسطینی شہری زخمی ہوئے۔ قابض اسرائیلی فوج نے آج علی الصبح جنوبی غزہ کے شہر رفح پر دو فضائی حملے کیے۔ اس کے ساتھ ساتھ قابض افواج کی بکتر بند گاڑیوں نے المواصی کے علاقے میں بے گھر افراد کے خیموں پر بھی فائرنگ کی۔ اسی وقت قابض توپ خانے نے غزہ شہر کے مشرق میں واقع محلّہ التفاح کے مشرقی علاقوں کو نشانہ بنایا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پورے قطاع میں جارحانہ کارروائیاں مسلسل جاری ہیں۔ مزید برآں قابض اسرائیلی توپ خانے نے وسطی غزہ میں واقع البریج کیمپ کے شمال مشرقی علاقوں پر بھی گولہ باری کی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ غزہ کے مختلف محاذوں پر فوجی حملے بدستور جاری ہیں۔

گروسی دشمن کی زبان بول رہے ہیں: محمد اسلامی

تہران۔24/ڈسمبر (مہر خبر رساں ایجنسی /صدائے حسینی) ایران کی قومی جوہری ایجنسی کے سربراہ محمد اسلامی نے بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل رفائل گروسی کے حالیہ بیانات پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے یہ بیانات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ وہ دشمن کی زبان استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گروسی کے حالیہ بیانات غیر جانبدارانہ نہیں بلکہ دشمن کے بیانیے کی عکاسی کرتے ہیں، جو ایجنسی کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے منافی ہیں۔ اسی سے قبل گروسی نے کہا تھا کہ وہ ایران کے ایٹمی پروگرام کی نگرانی جاری رکھنا چاہتے ہیں اور تنصیبات تک مکمل رسائی بہت ضروری ہے تاکہ تصدیق کرسکیں کہ نیوکلیئر پروگرام صرف پرامن مقاصد کے لیے ہے اور تحفظات دور ہوں۔

عدالت سے عمران خان اور ان کی اہلیہ کو بڑی راحت

اسلام آباد۔24/ڈسمبر (ایجنسی) پاکستان کی ایک عدالت نے سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ کو بڑی راحت دی ہے۔ عدالت نے 9 مئی سے جڑے مقدمات اور پانچ دیگر کیسوں میں عمران خان اور ان کی اہلیہ بشری بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی ہے۔ عدالت نے یہ بھی ہدایت دی ہے کہ 73 سالہ عمران خان اگلی سماعت میں یا تو ذاتی طور پر پیش ہوں یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے عدالت میں اپنی حاضری یقینی بنائیں۔ بتا دیں کہ بدھ 24 دسمبر کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل ماجوکا نے عمران خان اور بشری بی بی کی پیشگی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ اس دوران ان کی طرف سے وکیل شمسہ کیانی عدالت میں پیش ہوئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، اس کیس کی سماعت کے بعد عدالت نے دونوں کی عبوری ضمانت کو آگے بڑھا دیا۔ عدالت نے کیس کی اگلی سماعت 27 جنوری کے لیے مقرر کی ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ اگلی تاریخ پر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی پیشی یقینی بنائی جائے۔ 9 مئی سے جڑے مقدمات کے علاوہ عمران خان کے خلاف قتل کی کوشش اور مبینہ جعلی رسیدیں جمع کرانے جیسے دیگر مقدمات بھی درج ہیں۔ وہیں، عمران خان کی اہلیہ بشری بی بی کے خلاف توشہ خانہ سے جڑے تحائف کی مبینہ جعلی رسیدیں جمع کرانے کے الزام میں ایک الگ مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ اسی دوران، ایک دیگر کیس میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج چوہدری عامر ضیا نے بشری بی بی کی پیشگی ضمانت کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے، ان کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ اس کیس کی اگلی سماعت بھی 27 جنوری مقرر کی گئی ہے۔

کرسمس کے موقع پر شیعہ عیسائی یکجہتی اور بین المذاہب محبت کا حسین مظاہرہ

وجئے واڑہ۔24/ڈسمبر (حوزہ نیوز ایجنسی /صدائے حسینی) آندھرا پردیش کے شہر وجے واڑہ کے علاقہ باواجی پیٹ، گاندھی نگر میں واقع سینٹ پیٹرز لوتھرن چرچ (ایسٹ پیرش) میں کرسمس کی تقریبات کے موقع پر شیعہ اور عیسائی برادری کے مابین اتحاد، بھائی چارے اور باہمی احترام کا قابلِ تحسین مظاہرہ دیکھنے میں آیا، جس نے امن، محبت اور انسانی یکجہتی کا پیغام عام کیا۔ کرسمس کے پرمسرت موقع پر منعقدہ اس تقریب میں مولانا مرزا ظہیر عباس امام جمعہ والجماعت شیعہ جامعہ مسجد حسین وجے واڑہ اور مسجد حسین کمیٹی کے اراکین نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر چرچ سے مربوط افراد کی خدمت میں مبارکباد پیش کی گئی اور اس بات پر زور دیا کہ مذہب انسان کو نفرت نہیں بلکہ محبت، امن اور خدمتِ انسانیت کا درس دیتا ہے۔ مولانا مرزا ظہیر عباس نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسلام تمام مذاہب کے احترام اور بقائے باہمی کا داعی ہے، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات صبر، محبت اور انسان دوستی کا روشن نمونہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے پرآشوب دور میں بین المذاہب ہم آہنگی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ چرچ کے منتظمین نے مسجدِ حسین کمیٹی اور شیعہ برادری کی شرکت کو خیرسگالی اور سماجی ہم آہنگی کی ایک مثبت مثال قرار دیا۔ اس موقع پر امن، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔ یہ تقریب اس حقیقت کی غماز ہے کہ مختلف مذاہب کے ماننے والے اگر ایک دوسرے کے عقائد کا احترام کریں تو معاشرہ امن، محبت اور بھائی چارے کا گہوارہ بن سکتا ہے۔

وقار آباد میں وقف قبرستان کی زمین پر قبضہ کی سازش ناکام

حیدرآباد۔24رڈسمبر(سفیر نیوز رصدائے حسینی) تلنگانہ کے شیوا ریڈی پیٹ، وقار آباد میں واقع وقف قبرستان (سروے نمبر 46) کی 962 مربع گز اراضی پر غیر قانونی فروخت کا سنگین معاملہ بے نقاب ہوگیا۔ اسپیکر تیلنگانہ اسمبلی مسٹر گڈم پرساد کمار کی ہدایت پر ضلع انتظامیہ اور وقف بورڈ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے قبرستان کا مشترکہ سروے مکمل کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق وقف قبرستان کی قیمتی زمین کو مبینہ طور پر غیر مجاز افراد نے منظّم سازش کے تحت غیر قانونی طور پر فروخت کر دیا تھا۔ اس سلسلے میں محلّہ کے عوام اور انتظامی کمیٹی جامع مسجد شیوا ریڈی پیٹ نے وقف بورڈ تلنگانہ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اسد اللہ سے ملاقات کرتے ہوئے تحریری شکایت پیش کی تھی۔ شکایت کا سنجیدہ نوٹ لیتے ہوئے سی ای او وقف بورڈ اسد اللہ نے وقف انسپکٹر حسن شریف کو فوری طور پر موقع کا معائنہ کرنے اور قانونی کارروائی کی ہدایت دی۔ ادھر انتظامی کمیٹی کی نمائندگی پر اسپیکر تلنگانہ اسمبلی گڈم پرساد کمار نے کلکٹر وقار آباد، ڈی ایس پی اور سی ای او وقف بورڈ کو وقف قبرستان کے معاملے میں فوری اور مؤثر کارروائی کی واضح ہدایات دیں۔ اسپیکر کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے کلکٹر وقار آباد اور سی ای او وقف بورڈ کی نگرانی میں 20 دسمبر بروز ہفتہ صبح 11 بجے وقف انسپکٹر حسن شریف، منڈل آفس کے ذمہ داران اور وقف بورڈ کے سرویئر میر علی حمزہ نے قبرستان کا مشترکہ طور پر تفصیلی سروے کیا اور زمینی صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ سروے کے دوران غیر قانونی فروخت سے متعلق اہم حقائق سامنے آئے، جس پر متعلقہ محکموں نے ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ سروے کے موقع پر انتظامی کمیٹی جامع مسجد شیوا ریڈی پیٹ نے میونسپل کمشنر ذاکر حسین، سب رجسٹرار اور ایم آر او وقار آباد سے ملاقات کرتے ہوئے معاملے کی مکمل تفصیلات پیش کیں اور وقف زمین کی غیر قانونی خرید و فروخت میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر محمد فخر الدین، محمد ہاشم حسین، سماجی کارکن محمد قادر، محمد شریف، سابق کارپوریٹر و نمائندہ مجلس محمد نظیر حسین، قاضی محمد عبدالقادر (صحافی) سمیت دیگر معززین موجود تھے۔ انتظامی کمیٹی اور مقامی عوام نے وقف بورڈ اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وقف قبرستان کی زمین کو فوری طور پر محفوظ بنایا جائے اور اس مقدس امانت کے تحفظ کیلئے ملوث افراد کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ آخر میں انتظامی کمیٹی نے کامیاب نمائندگی اور بروقت کارروائی پر اسپیکر تلنگانہ اسمبلی گڈم پرساد کمار، کلکٹر وقار آباد اور سی ای او وقف بورڈ اسد اللہ سے اظہارِ تشکر کیا۔

آل انڈیا ہڑتال، گیگ اور ڈیلیوری ورکرز کا کام بند کرنے کا اعلان

حیدرآباد۔24رڈسمبر(سفیر نیوز رصدائے حسینی) ملک بھر میں گیگ اور پلیٹ فارم ورکرز نے بگڑتے ہوئے کام کے حالات کے خلاف دو روزہ آل انڈیا ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ ہڑتال کرسمس، 25 دسمبر، اور نیو ایئر کی شام، 31 دسمبر کو کی جائے گی، جو ڈیلیوری ورکرز کے لیے سال کے مصروف ترین دنوں میں شمار ہوتے ہیں۔ اس احتجاج کے باعث فوڈ ڈیلیوری اور ای۔کامرس خدمات کے متاثر ہونے کا امکان ہے۔ تلنگانہ گیگ اینڈ پلیٹ فارم ورکرز یونین (TGPWU) کے مطابق یہ ہڑتال ڈیلیوری ورکرز کو منصفانہ اجرت، تحفظ، عزت اور سماجی تحفظ سے محروم رکھے جانے کے خلاف ہے۔ یونین کا کہنا ہے کہ گیگ ورکرز آخری مرحلے کی ترسیل کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، خاص طور پر تہواروں اور مصروف سیزن کے دوران، مگر اس کے باوجود انہیں طویل اوقاتِ کار، کم ہوتی آمدنی اور غیر محفوظ حالات میں کام کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ یونین کے صدر شیخ صلاح الدین نے کہا کہ ڈیلیوری ورکرز کو غیر محفوظ ڈیلیوری اہداف، من مانے طریقے سے آئی ڈیز بلاک کیے جانے، ملازمت کے عدم تحفظ اور بنیادی فلاحی سہولتوں کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ ان کے مطابق پلیٹ فارم کمپنیاں الگورتھمز کے ذریعے ورکرز پر غیر متوازن دباؤ ڈال رہی ہیں جبکہ تمام خطرات کارکنوں پر منتقل کر دیے گئے ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک ویڈیو میں مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے گیگ ورکرز نے الزام لگایا کہ ڈیلیوری رائیڈرز کی ادائیگیاں کم کر دی گئی ہیں جبکہ کام کے اہداف میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یہ ورکرز بلنکیٹ، سوگی، زوماٹو، ایمیزون اور فلپ کارٹ جیسی ایگریگیٹر کمپنیوں کے لیے کام کرتے ہیں۔ ویڈیو کے ذریعے ملک بھر کے ڈیلیوری ورکرز سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ 25 اور 31 دسمبر کو گھروں میں ہی رہیں کیونکہ انہی دنوں سب سے زیادہ آرڈرز دیے جاتے ہیں۔ وزارتِ محنت و روزگار کے مطابق، گیگ ورکر وہ شخص ہوتا ہے جو روایتی آجر اور ملازم کے تعلق سے باہر رہتے ہوئے کام کرتا ہے اور اسی ذریعے سے آمدنی حاصل کرتا ہے۔ سال 2020 میں پہلی بار گیگ ورکرز کو سوشل سیکیورٹی کوڈ کے تحت لیبر قوانین کے دائرے میں شامل کیا گیا، جس کے تحت ان کے لیے سماجی تحفظ کی اسکیمیں لازمی قرار دی گئیں۔ نیتی آیوگ کی رپورٹ کے مطابق، ہندوستان میں گیگ اور پلیٹ فارم ورکرز کی تعداد 2021 میں 77 لاکھ سے بڑھ کر 2030 تک 2 کروڑ 35 لاکھ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ تاہم ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ مناسب ضابطہ کاری نہ ہونے کی صورت میں غیر منصفانہ لیبر پریکٹسز اور استحصال میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ جھارکھنڈ، کرناٹک، تلنگانہ اور راجستھان جیسی ریاستوں نے گیگ ورکرز کے بنیادی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے قوانین متعارف کرائے ہیں۔ تلنگانہ حکومت نے اپریل میں تلنگانہ گیگ اینڈ پلیٹ فارم ورکرز رجسٹریشن، سوشل سیکیورٹی اور ویلفیئر بل 2025 تیار کیا، جسے نومبر میں ریاستی کابینہ نے منظوری دی۔ اس قانون میں ویلفیئر فنڈ کا قیام، ایگریگیٹر کمپنیوں کی لازمی ادائیگیاں، شکایت کے ازالے کا نظام اور ویلفیئر بورڈ کی تشکیل شامل ہے، جس کی تیاری میں TGPWU نے اہم کردار ادا کیا۔ تاہم ناقدین کا کہنا ہے کہ اس بل میں کم از کم اجرت کی ضمانت شامل نہیں، ویلفیئر بورڈز میں نمائندگی کمزور ہے، فوائد کی تفصیل ناکافی ہے اور بعض دفعات مزدوروں کی غلط درجہ بندی کا سبب بن سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس قانون میں اسٹریٹ وینڈرز کو شامل نہ کیے جانے پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ گیگ اور پلیٹ فارم ورکرز نے مرکز اور ریاستی حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایگریگیٹر کمپنیوں کو فوری طور پر ریگولیٹ کیا جائے اور لیبر قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ 25 اور 31 دسمبر کی آل انڈیا ہڑتال کو ملک بھر میں گیگ اور پلیٹ فارم ورکرز میں بڑھتی ہوئی بے چینی اور ناراضگی کی واضح علامت قرار دیا جا رہا ہے۔

آر ٹی سی کے نئے بس روٹس حیدرآباد کے مضافاتی علاقے آئی ٹی راہداری سے مربوط

حیدرآباد۔ 24ر ڈسمبر (نیوز کلب) تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے حیدرآباد کے مضافاتی اور مفصل علاقوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی راہداری سے مربوط کرنے کیلئے نئے روٹس کا آغاز کیا ہے۔ آر ٹی سی حیدرآباد ریجن منیجر کے بموجب نئے روٹس اس لئے بنائے گئے ہیں تاکہ سفر کے وقت میں کمی کی جاسکے اور مسافرین کو دور دراز علاقوں تک بس میں سفر کی سہولت کو فروغ دیا جاسکے۔ نئے روٹس میں 316 / 156 روٹ بھی شامل ہے، جو ایل بی نگر اور گچی باؤلی کے درمیان براہ دلسکھ نگر، کوٹھی، مہدی پٹنم لنگر حوض، نارسنگی چوراہا، کوکا پیٹ چوراستہ، جی اے آر، انفوسیس و ٹرپل آئی ٹی چلائی جائے گی۔ دوسری 300/316 روٹ ہے، جو حیات نگر کو گچی باؤلی سے مربوط کرے گی اور ایل بی نگر، چمپا پیٹ، بنڈلہ گوڑہ، آرام گھر، حیدر گوڑہ، لنگر حوض، نارسنگی چوراہا، کوکا پیٹ چوراستہ، جی اے آر، انفوسیس اور ٹرپل آئی ٹی سے ہوتے ہوئے گزرے گی۔

کریڈائی حیدرآباد پراپرٹی شو

حیدرآباد۔ 24ر ڈسمبر (نیوز کلب) کانفیڈریشن آف ریئل اسٹیٹ ڈیولپرس اسوسی ایشن آف انڈیا کے حیدرآباد چاپٹر نے کریڈائی حیدرآباد پراپرٹی شو 2026ء کا اعلان کیا ہے، جو 6 تا 8ر فروری ہائی ٹیکس میں منعقد کیا جائے گا۔ کریڈائی کے پریس نوٹ کے بموجب صرف ریرا سے منظور شدہ پراجکٹس نمائش میں رکھے جائیں گے۔ ریسیڈنشیل اور کمرشیل آپشنس کا وسیع ترین ڈسپلے پر رہے گا، جس میں سارے شہر میں واقع اپارٹمنٹس، ولاس، پلاٹس اور دفتر کی جگہیں شامل رہیں گے۔

رعیتو بازار میں فوڈ سیفٹی کیمپس

حیدرآباد۔24ر ڈسمبر (نیوز کلب) تلنگانہ روڈ سیفٹی ڈپارٹمنٹ کی جانب سے منگل کے دن حیدرآباد کے 14 بڑے ویجیٹیبل مارکٹس میں فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈس اتھارٹی آف انڈیا کیمپس کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ تاکہ غذاء کے تحفظ کے معیارات کو مستحکم بنایا جاسکے اور دکانداروں میں حفظان صحت کے عوامل کو فروغ دیا جاسکے۔

میں تلنگانہ کی آواز ہوں، مجھے کنٹرول اور آپریٹ کرنیوالا کوئی نہیں: کویتا

حیدرآباد۔24ر ڈسمبر (سفیر نیوز رصدائے حسینی) صدر تلنگانہ جاگروتی کلوا کنٹلہ کویتا نے کہا کہ وہ تلنگانہ کے عوام کی آواز ہیں اور انہیں کوئی کنٹرول یا آپریٹ کرنے والا نہیں ہے۔ بھونگیر میں جاگروتی جنم باٹا پروگرام کے تحت پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے واضح کیا کہ وہ 2029 کے انتخابات میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتی ہیں اور اس کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں بی آر ایس سے کیوں معطل کیا گیا، اس کی وجہ آج تک نہیں بتائی گئی، حالانکہ سزائے موت پانے والے شخص کو بھی وجہ بتائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی نے ان سے کوئی وضاحت طلب نہیں کی اور وہ اپنی خودداری پر کسی بھی صورت میں سمجھوتہ نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ بی آر ایس کے دور میں جو غلطیاں ہوئیں، وہ اس وقت پارٹی میں ہونے کے سبب ان کی بھی اخلاقی ذمہ داری بنتی ہے، خاص طور پر بھونگیر کے کسانوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں پر کویتا نے عوام سے معذرت خواہی کی۔ انہوں نے کہا کہ انہیں سیاسی طور پر نظام آباد تک محدود رکھا گیا، مگر اس کے باوجود وہ 19 برس سے تلنگانہ جاگروتی کے پلیٹ فارم سے عوام کے درمیان سرگرم ہیں۔ جاگروتی کسی سیاسی اختلاف کے نتیجے میں قائم کی گئی تنظیم نہیں بلکہ تلنگانہ تحریک سے زبان، تہذیب، بتکماں اور بونال جیسے تہواروں کی عالمی سطح پر پہچان کے لئے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ کلوا کنٹلہ کویتا نے کانگریس حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ فیس ری ایمبرسمنٹ کی عدم ادائیگی کے ذریعہ وزیر اعلی ریونت ریڈی غریب طلبہ کے ساتھ دھوکہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی اور کونسل میں بارہا حکومت سے سوال کرنے کے باوجود وعدے پورے نہیں کئے گئے، طلبہ کو کالجوں میں ذلیل کیا جا رہا ہے اور تعلیم حکومت کی ترجیحات میں شامل ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں پہلی بران فیلڈ ایمس (AIIMS) کے قیام کے لئے انہوں نے پارلیمنٹ میں جدوجہد کی، مگر 2015 سے آج تک بھونگیر ایمس میں ایمرجنسی ادویات تک دستیاب نہیں ہیں، حالانکہ مرکز سے 750 کروڑ روپے جاری ہو چکے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، کنٹراکٹرس سے بات کرتے ہوئے عمارتوں کی تکمیل کرائیں اور مقامی افراد کو 80 فیصد ملازمتیں فراہم کی جائیں۔ ٹرپل آر (ریجنل رنگ روڈ) منصوبہ پر بات کرتے ہوئے انہوں نے الزام عائد کیا کہ بااثر افراد کی زمینیں بچانے کے لئے غریبوں کی زمینوں کی قربانی دی جا رہی ہے اور بدعنوانی کے تحت بار بار الائنمنٹ بدلے جا رہے ہیں، حالانکہ اس کے خلاف ہائی کورٹ کے احکامات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مسئلہ پر جاگروتی کی جانب سے تحریک شروع کی جائے گی اور 5 جنوری کو حیدرآباد میں متاثرہ کسانوں کے ساتھ راؤنڈ ٹیبل اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کانگریس اور بی آر ایس دونوں حکومتوں نے کسانوں، ہینڈلوم بنکروں، سونے کے کاریگروں، بے گھر افراد اور بے زمین کسانوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

ہماچل پردیش کے اضلاع میں گھنے دھند کا الرٹ جاری

شملہ، 24 دسمبر (ہ س)۔ ہماچل پردیش میں خشک موسم کے درمیان سردی نے تباہی مچا رکھی ہے۔ جبکہ اونچائی اور قبائلی علاقوں میں شدید سردی پڑ رہی ہے، درجہ حرارت صفر سے نیچے گر گیا ہے، نچلے اور میدانی اضلاع میں گھنی دھند نے معمولات زندگی کو درہم برہم کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے چار روز تک میدانی اور نشیبی علاقوں میں دھند چھائے رہنے کی وارننگ جاری کر دی ہے۔ سات اضلاع میں اورنج اور ایلو الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ جن سات اضلاع میں الرٹ 28 دسمبر تک نافذ رہے گا ان میں اونا، بلاس پور، ہمیر پور، کانگڑا، منڈی، سولن اور سرمور شامل ہیں۔ بلاس پور کے بھاکڑا ڈیم ریزروائر علاقے میں گھنی دھند کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ دیگر اضلاع میں ایلو الرٹ نافذ رہے گا۔ بلند پہاڑی علاقوں میں 28 اور 30 ؟؟ دسمبر کو برفباری متوقع ہے۔ تاہم شملہ اور منالی کے پہاڑی علاقوں میں ایک ہفتے تک برف باری کی توقع نہیں ہے۔ بارش یا برف باری نہ ہونے کی وجہ سے ریاست میں خشک سردی لوگوں کو پریشان کر رہی ہے۔

بی آر ایس سرپنچوں کی شاندار تہنیتی تقریب

ظہیرآباد/24دسمبر (سفیر نیوز) سابق وزیر و رکن اسمبلی ہریش راؤ مہمانِ خصوصی ظہیرآباد میں نو منتخب بی آر ایس سرپنچوں کے اعزاز میں ایک شاندار تہنیتی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر سابق وزیر و سدی پیٹ رکن اسمبلی جناب تنیر و ہریش راؤ بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئے۔ ان کے ہمراہ جناب کونٹی مانک راؤ (رکن اسمبلی)، جناب چنتا پربھاکر (ضلع صدر و سنگاریڈی رکن اسمبلی) اور ڈی سی ایم ایس چیئرمین شیوکمار نے سرپنچوں کو تہنیت پیش کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہریش راؤ نے نو منتخب سرپنچوں کو مبارکباد دی اور کامیابی کے لیے محنت کرنے والے بی آر ایس قائدین و کارکنان کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس اور سرکاری اختیارات کے استعمال کے باوجود ظہیرآباد میں 52 سرپنچوں کی جیت بی آر ایس کی مضبوطی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کار کا انتخابی نشان نہ ہونے کے باوجود یہ کامیابی حاصل ہوئی، آئندہ نشان کے ساتھ کامیابیوں کا دائرہ اور وسیع ہوگا۔ ہریش راؤ نے کہا کہ بی آر ایس، کے سی آر کی قیادت میں عوام کے دلوں میں بسنے والی جماعت ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ موجودہ حکومت کے دور میں پنشن، خواتین امداد، غذائی کٹس، ماہی پروری و بھیڑ بکریوں کی تقسیم جیسی فلاحی اسکیمیں بند ہوگئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے سی آر کے دور میں قائم اقلیتی گروکل اسکول، ظہیرآباد سے 19 طلبہ ڈاکٹر بنے، جبکہ غریب، کسان اور آٹو ڈرائیوروں کے بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حکومت کے بعد گروکل طلبہ ناقص خوراک کے سبب بیمار پڑ رہے ہیں، سنگمیشور منصوبہ بند کر دیا گیا ہے اور کالیشورم کے پانی کو ظہیرآباد تک لانے کے منصوبے رک گئے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ضلع وزیران منصوبوں کی بندش پر خاموش کیوں ہیں اور اعلان کیا کہ بی آر ایس عوامی دباؤ کے ذریعے منصوبوں کو آگے بڑھائے گی۔ ہریش راؤ نے بجلی کی قلت، زرعی شعبے کو ناکافی بجلی فراہمی اور ترقیاتی کاموں کی رکاوٹوں پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت نے ظہیرآباد میونسپلٹی کے لیے 50 کروڑ روپے مختص کیے، ریلوے برج تعمیر کرایا اور بسویشور مجسمہ نصب کیا، مگر موجودہ حکومت نے کوئی نیا فنڈ فراہم نہیں کیا۔ انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ آئندہ میونسپل انتخابات کے لیے ابھی سے تیاریاں شروع کریں اور بی آر ایس کا پرچم سربلند کریں۔ آخر میں انہوں نے کرسمس کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی۔ اس پروگرام میں سابق ایس سی کارپوریشن چیئرمین نروتم، سابق آتما چیئرمین وجے کمار، مختلف منڈل پارٹی صدور، سابق بلدیاتی نمائندگان، خواتین قائدین، بی آر ایس وی کے عہدیداران، گاں پارٹی صدور اور بڑی تعداد میں کارکنان شریک ہوئے۔

مودی دور حکومت میں ہندوستان تیزی سے ترقی کر رہا ہے: نائب صدر جمہوریہ

نئی دہلی، 24 دسمبر (ہ س)۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان نے گزشتہ ایک دہائی میں جامع اقتصادی اصلاحات کے ذریعے بے مثال تبدیلی کا تجربہ کیا ہے اور آج یہ ملک دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معیشت اور سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی بڑی معیشت بن گیا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ بدھ کو اپ راشٹر پتی نواس میں رکن پارلیمنٹ پروفیسر (ڈاکٹر) سکندر کمار کی لکھی گئی کتاب ''مودی دور میں ہندوستان کی اقتصادی بااختیاریت'' کے اجراء کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کتاب وزیر اعظم مودی کی دور اندیشانہ سوچ، مضبوط قیادت اور تبدیلی کی اقتصادی پالیسیوں کی ایک طاقتور دستاویز ہے۔ رادھا کرشنن نے کہا کہ پچھلے دس سالوں میں ہندوستان نے نہ صرف اقتصادی مضبوطی حاصل کی ہے بلکہ قومی خود اعتمادی بھی نئی بلندیوں پر پہنچی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات جیسے کہ دیوالیہ پن اور دیوالیہ پن کوڈ، ڈیجیٹل گورننس، اور ایک شفاف بینکاری نظام دہائیوں پرانی نااہلیوں اور بدعنوانی کو ختم کرنے کے لیے فیصلہ کن اقدامات ہیں۔ " کم سے کم حکومت، زیادہ سے زیادہ گورننس " کا اصول آج ایک مؤثر اور نظم و ضبط کے ساتھ کام کرنے کا نمونہ بن گیا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی اس بات کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہیں کہ سرکاری اسکیموں کے 100 فیصد فوائد براہ راست اہل استفادہ کنندگان تک پہنچیں۔ جن دھن، آدھار، اور موبائل (جے اے ایم تریونی) کے ذریعے براہ راست فائدہ کی منتقلی نے شفافیت میں اضافہ کیا ہے اور رساؤ کو کم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک ؟47 لاکھ کروڑ سے زیادہ براہ راست فائدہ اٹھانے والوں کے کھاتوں میں منتقل ہو چکے ہیں۔ جی ایس ٹی کو اس دور کی ایک تاریخی اصلاحات قرار دیتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس نے ہندوستان کو ایک متحد قومی بازار کے طور پر قائم کیا ہے۔ ٹیکس کے ڈھانچے کو آسان بنانے، تعمیل میں بہتری، تعاون پر مبنی وفاقیت کو مضبوط بنانے، اور بین ریاستی چوکیوں کے خاتمے کے نتیجے میں وقت اور ایندھن میں نمایاں بچت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی ایس ٹی کو آزاد ہندوستان کی سب سے بڑی اصلاحات میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا، میک ان انڈیا، اسٹارٹ اپ انڈیا، اور یو پی آئی کے تیزی سے پھیلاؤ نے جامع ترقی کو تیز کیا ہے اور شہریوں، کاروباریوں اور چھوٹے کاروباروں کو بااختیار بنایا ہے۔ آتم نربھر بھارت کا وژن ملک کو خود انحصار بنا رہا ہے اور اسے عالمی سپلائی چینز میں ایک قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر قائم کر رہا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ وزیر اعظم کی قیادت میں ہندوستان پالیسی کی جڑت سے بامقصد حکمرانی، غربت کی ذہنیت سے خوشحالی کے عزم کی طرف اور انحصار خود انحصاری کی طرف بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ایک پراعتماد، قابل، اور ہمدرد نئے ہندوستان کا جشن منائیں، جو کہ 2047 میں ترقی یافتہ ہندوستان کی طرف پیش قدمی کریں۔

این ایچ اے آئی کے ہائی وے انفرا انویسٹمنٹ ٹرسٹ کو پبلک انویٹ بنانے کی سیبی نے منظوری دی

نئی دہلی، 24 دسمبر (ہ س)۔ قومی شاہراہ اتھارٹی آف انڈیا (این ایچ اے آئی) کے تحت کام کرنے والے ہائی وے انفرا انویسٹمنٹ ٹرسٹ کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ (سیبی) کی جانب سے پبلک انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے طور پر منظوری مل گئی ہے۔ اس منظوری سے قومی شاہراہوں کے اثاثوں کی مونیٹائزیشن کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور گھریلو ریٹیل سرمایہ کاروں کے لیے طویل مدتی اور اعلیٰ معیار کا سرمایہ کاری کا ذریعہ دستیاب ہوسکے گا۔ مرکزی وزارتِ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مطابق، این ایچ اے آئی نے اس سے قبل ہائی وے انفرا انویسٹمنٹ مینیجرز پرائیویٹ لمیٹڈ کو ہائی وے انفرا انویسٹمنٹ ٹرسٹ کا سرمایہ کاری مینیجر مقرر کیا تھا۔ اس کمپنی میں اسٹیٹ بینک آف انڈیا، پنجاب نیشنل بینک، نبافِڈ، ایکسس بینک، بجاج فِن سرو وینچرز، ایچ ڈی ایف سی بینک، آئی سی آئی سی آئی بینک، آئی ڈی بی آئی بینک، انڈس اِنڈ بینک اور یس بینک جیسی معروف مالیاتی اداروں کی ایکویٹی شراکت داری شامل ہے۔

ہریانہ آج کسانوں کی فلاح و بہبود اور شفاف حکمرانی کیلئے ایک رول ماڈل بن گیا ہے: امت شاہ

چنڈی گڑھ، 24 دسمبر (ہ س)۔ مرکزی وزیر داخلہ اور کوآپریٹو امت شاہ نے بدھ کو پنچکولہ میں منعقدہ سہکار سے سمردھی پروگرام کے دوران ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی کی قیادت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہریانہ آج کسانوں کی فلاح و بہبود، شفاف حکمرانی اور ملک میں فوری فیصلہ سازی کے لیے ایک رول ماڈل بن گیا ہے۔ امیت شاہ نے کہا، "وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے وہ کام کیا ہے جو بہت کم حکومتوں میں کرنے کی ہمت ہے۔ انتخابی منشور کے دوران جب ایم ایس پی پر 24 فصلوں کی خریداری کی تجویز پیش کی گئی تھی، تو انہوں نے رات کو مجھے فون کیا اور اعلان کی تصدیق کی اور بڑے اعتماد سے کہا، 'آپ اعلان کریں، خریداری کی ذمہ داری میری ہے' مرکزی وزیر نے کہا کہ آج ہریانہ ملک کی پہلی ریاست ہے جہاں 24 فصلوں کی ایم ایس پی پر خرید کو یقینی کی جا رہی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہریانہ حکومت نے نہ صرف فصلیں خرید کر بلکہ 48 گھنٹوں کے اندر کسانوں کو ان کی فصلوں کی ادائیگی کر کے ایک نیا انتظامی انقلاب برپا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے بھی گنے کے کسانوں کے لیے ملک میں سب سے زیادہ قیمت کو یقینی بنایا، جس سے ملک بھر کی حکومتوں پر مثبت دباؤ پیدا ہوا ہے۔ امت شاہ نے خاص طور پر ہریانہ حکومت کی آبی انتظام اور آبپاشی اسکیموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ فی ڈراپ مور کراپ اسکیم کے تحت 85 فیصد سبسڈی، دہائیوں سے محروم علاقوں کو آبپاشی کا پانی فراہم کرنا اور 2,088 امرت سرور (پانی کی جھیلوں) کی تعمیر سب ان کی سمجھداری کی عکاسی کرتی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ اور تعاون نے کہا کہ صنعت، جی ایس ٹی اور انکم ٹیکس میں ہریانہ کا اہم حصہ ہے، لیکن کسی بھی حکومت کی اصل پہچان کسانوں کی خوشی ہے۔

انتقال

حیدرآباد 24ر دسمبر (راست) جناب سید رزاق الدین فرزند جناب سید خواجہ معین الدین مرحوم کا 23ر دسمبر کی شب انتقال ہو گیا۔ وہ پچاس برس کے تھے، نماز جنازہ 24ر دسمبر کو بعد نماز ظہر مسجد فصیح جنگ عثمان گنج میں ادا کی گئی اور تدفین قبرستان احاطہ درگاہ یوسفین میں عمل میں آئی۔ پسماندگان میں والدہ، اہلیہ ایک فرزند اور ایک بیٹی ہے۔ وہ سید خالد شہباز (میڈیا پلس، گواہ) کے ماموں تھے۔ تفصیلات کے لیے: 9100933590 پر ربط کیا جاسکتا ہے۔

'ون نیشن، ون الیکشن' قومی مفاد میں، یہ بی جے پی کی مہم نہیں، ملک کی ہے

نئی دہلی، 24 دسمبر (ہ س)۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ مسلسل انتخابات ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ الیکشن کی تیاریاں پورے ملک میں 5 سال، 12 ماہ اور سال میں 365 دن جاری رہتی ہیں جس سے ترقیاتی کام متاثر ہوتے ہیں۔ بدھ کو یہاں این ڈی ایم سی کنونشن سنٹر میں 'ون نیشن، ون الیکشن' کے موضوع پر منعقدہ ایک پروگرام میں شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ ایک انتخاب کے لیے ضابطہ اخلاق نافذ ہوتا ہے، اس کے بعد دوسرے انتخاب کے لیے ضابطہ اخلاق نافذ ہوتا ہے، جو نئی اسکیموں کو شروع ہونے سے روکتا ہے اور ترقیاتی کاموں کو روکتا ہے۔ انہوں نے اسے وقت اور وسائل کا بہت بڑا ضیاع قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ''ایک قوم، ایک الیکشن'' قومی مفاد میں ہے اور یہ ایک غیر سیاسی مہم ہے۔ یہ بی جے پی کی مہم نہیں ہے بلکہ ملک کی فلاح و بہبود کی مہم ہے۔ اس اقدام کو عوامی تحریک میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔

زیر تعمیر ایتھنول پلانٹ میں ایک مزدور کی مشتبہ حالت میں موت

پٹنہ،24 دسمبر (ہ س)۔ بہار میں مظفر پور ضلع کے راجے پور تھانہ علاقے کے تحت پانا پور میں زیر تعمیر ایتھنول پلانٹ میں اس وقت سنسنی پھیل گئی، جب اسکے کمرے میں ایک مزدور کی لاش ملی۔ مشتبہ حالات میں کارکن کی موت کی خبر پھیلتے ہی پورے علاقے میں کہرام مچ گیا اور مقامی لوگوں اور کارکنوں کی بڑی بھیڑ پلانٹ کے احاطے میں جمع ہوگئی۔ مرنے والے مزدور کی شناخت 35 سالہ راج کمار کے طور پر ہوئی ہے جو موتیہاری ضلع کے گووند گنج تھانہ علاقے کے باگولی گاؤں کا رہنے والا ہے۔ ساتھی مزدوروں نے بتایا کہ راج کمار معمول کے مطابق اپنا کام ختم کر کے اپنے قریبی کمرے میں سونے چلا گیا۔ صبح جب کام پر جانے کا وقت ہوا اور وہ کافی دیر تک نہیں اٹھا تو ساتھی مزدور اسے جگانے گئے۔ جب وہ بار بار بلانے کے باوجود حرکت میں نہیں آیا تو مزدوروں نے اسکا باریک بینی سے معائنہ کیا اور معلوم کیا کہ وہ مر چکا ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پلانٹ انتظامیہ کے اہلکاروں اور مقامی پولیس کو اطلاع دی گئی۔ ڈائل 112 کی کوئیک رسپانس ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچی۔

محکمہ خوراک کا چاؤمین بنانے والی تین فیکٹریوں پر چھاپہ، جرمانہ عائد

رام گڑھ، 24 دسمبر (ہ س)۔ سول سرجن ڈاکٹر مہالکشمی پرساد کی ہدایات پر بدھ کو شہر میں چاؤمین فیکٹریوں پر چھاپے مارے گئے۔ فوڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے پرسوتیا میں واقع تین چاؤمین فیکٹریوں کا معائنہ کیا۔ تینوں فیکٹریاں فوڈ سیفٹی اسٹینڈرڈز ایکٹ سے مطابقت نہیں رکھتیں اور حد سے زیادہ گندگی بھی پائی گئی۔ تینوں فیکٹریوں میں چاؤمین کی پیداوار فوری طور پر روک دی گئی۔ انہیں بہتری لانے کے بعد ہی دوبارہ کام شروع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ سنیل کمار اگروال کی چاؤمین فیکٹری کو 25 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ ایس ایم فوڈ پراڈکٹس کو پانچ ہزار روپے جرمانہ کیا گیا جبکہ ما فوڈ پراڈکٹس کی ساس فیکٹری کا معائنہ کر کے قانونی نمونے لیے گئے۔ لائن ہوٹلوں کا بھی معائنہ کیا گیا۔ فوڈ سیفٹی آفیسر آدیتی سنگھ نے ٹائر موڑ پر بنارسی ہوٹل، ما کالی ہوٹل، اور ستکار ہوٹل کا معائنہ کیا اور ہدایات جاری کیں۔ معائنہ کے دوران فوڈ سیفٹی آفیسر آدیتی سنگھ نے کھانے کے معیار، لیبلنگ، ایکسپائری ڈیٹس اور صفائی پر خصوصی توجہ دی۔



چیف منسٹر ریونت ریڈی کی کرسمس کی مبارکباد

حیدرآباد۔ 24/ ڈسمبر (سفیر نیوز صدائے حسینی) کرسمس کے پرمسرت موقع پر وزیرِ اعلی اے۔ ریونت ریڈی نے مسیحی بھائیوں اور بہنوں کو دلی مبارکباد پیش کی۔انہوں نے ریاست بھر میں کرسمس کی تقریبات خوشی اور جوش وخروش کیساتھ منانے کی اپیل کی۔وزیرِاعلی نے کہا کہ حضرت عیسیٰ کی تعلیمات پرعمل کرتے ہوئے عوامی حکومت تمام مذاہب کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے پرعزم ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ریاستی حکومت مسیحی اقلیتی طبقے کی ہمہ جہت ترقی کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ حضرت عیسیٰ مسیح کی تعلیمات آج بھی اور ہمیشہ دنیا بھر کی انسانیت کیلئے رہنمائی کا ذریعہ ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام مذاہب کا نچوڑ انسانیت ہے اور حضرت عیسیٰ نے جو راستہ اختیار کیا وہ قابلِ تقلید اور مثالی ہے۔

نوین مِتل آئی اے ایس کی اسپیشل چیف سیکریٹری کے عہدے پر ترقی

حیدرآباد، 24 دسمبر (چوائس نیوز) تلنگانہ کیڈر کے سینئر آئی اے ایس افسر جناب نوین مِتل (IAS) کو حکومتِ تلنگانہ کی جانب سے خصوصی چیف سیکریٹری کے باوقار عہدے پر ترقی دیے جانے پر مختلف حلقوں کی جانب سے دلی مسرت اور مبارکباد کا اظہار کیا جا رہا ہے۔سوشل میڈیا اور سرکاری حلقوں میں جناب نوین مِتل کی اس نمایاں کامیابی پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ان کی ایمانداری، انتظامی صلاحیتوں اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا جا رہا ہے کہ ان کی قیادت میں ریاستی انتظامیہ مزید مؤثر اور عوام دوست ثابت ہوگی۔حکومتِ تلنگانہ کے جنرل ایڈمنسٹریشن (SPLA) ڈپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق، 1996 بیچ کے آئی اے ایس افسران کو اپیکس اسکیل (Apex Scale) میں ترقی دی گئی ہے، جس کے تحت جناب نوین مِتل کو یہ اعلی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔اہلِ خانہ، دوستوں، ساتھی افسران اور عوامی نمائندوں نے جناب نوین مِتل کو ان کی شاندار پیشہ ورانہ خدمات کے اعتراف میں مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

تلنگانہ میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ کا امکان

حیدرآباد۔ 24/ ڈسمبر (سفیر نیوز

صدائے حسینی) تلنگانہ کے مختلف حصوں میں سردی کی شدت دن بہ دن بڑھ رہی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق، ٹھنڈی ہواں کے باعث کئی علاقوں میں کم سے کم درجہ حرارت ریکارڈ درج کیا جا رہا ہے۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ دو دنوں میں سردی کی لہر میں مزید شدید ہوسکتی ہے۔حیدرآباد اور شمالی تلنگانہ کے اضلاع میں کم سے کم درجہ حرارت میں کمی کا امکان ہے۔عادل آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاں، سدی پیٹ، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی میں سردی کی لہر میں اضافہ ہوگا۔محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ رواں ماہ کی 26 تاریخ تلنگئی اضلاع میں کم سے کم درجہ حرارت 5 سے 10 ڈگری کے درمیان ریکارڈ کیا جاسکتا ہے۔

وزیر اقلیتی بہبود اظہرالدین کی مداخلت سے وقف بورڈ چیئرمین اور سی ای او کے درمیان جاری تنازعہ ختم

حیدرآباد، 24 دسمبر (چوائس نیوز) وقف بورڈ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کے درمیان طویل عرصے سے جاری اختلافات کے پیشِ نظر، بورڈ کے انتظامی امور متاثر ہو رہے تھے۔مختلف پالیسی معاملات اور اختیارات کے استعمال کو لے کر دونوں اعلی عہدیداروں کے درمیان اختلافات سامنے آ رہے تھے، جس کے باعث وقف بورڈ کے روزمرہ کام کاج میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی تھیں۔اور وقف بورڈ ملازمین کی تنخواہوں کے علاوہ دیگر اسکیمات کی رقم بھی رکی ہوئی تھی۔اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اقلیتی بہبود اظہرالدین نے مداخلت کرتے ہوئے دونوں فریقین کے درمیان موجود تنازعہ کو حل کرایا۔بتایا جاتا ہے کہ اس تنازعہ کے حل کے لئے وقف بورڈ کے منتخب ارکان مولانا سید شاہ علی اکبر نظام الدین حسینی اور مولانا ابوالفتح سید بندگی باشاہ قادری کا بھی موثر رول رہا، ان کی کوششوں کے نتیجے میں وزیر اقلیتی بہبود نے چیئرمین اور سی ای او کے درمیان اختلافات کا خاتمہ عمل میں لایا اور باہمی ہم آہنگی کے ساتھ کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ذرائع کے مطابق، اظہرالدین نے واضح طور پر ہدایت دی کہ وقف بورڈ کے تمام امور آئینی دائرے میں رہتے ہوئے، شفافیت اور عوامی مفاد کو ترجیح دے کر انجام دیے جائیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ادارہ جاتی اختلافات سے نہ صرف بورڈ کی ساکھ متاثر ہوتی ہے بلکہ وقف املاک اور عوامی خدمات پر بھی منفی اثر پڑتا ہے۔تنازعہ کے خاتمے کے بعد اطلاع ہیکہ وقف بورڈ کے ملازمین کی تنخواہوں کے علاوہ آیمہ وموذنین کی رقم کی ادائیگی کے احکامات جاری کئے گئے ہیں اور دیگر انتظامی نظام میں بہتری آنے اور ترقیاتی وفلاحی سرگرمیوں کو مزید مؤثر انداز میں انجام دیے جانے کی امید ظاہر کی جارہی ہے۔

ریاست میں کسانوں کی حالت نہایت تشویشناک: کے ٹی آر

حیدرآباد۔ 24/ ڈسمبر (سفیر نیوز صدائے حسینی)ریاست میں کسانوں (ان داتاؤں) کی حالت نہایت تشویشناک ہوچکی ہے۔اپنی محنت سے اگائی گئی فصل کو فروخت کرنے کے لیے خریداری مراکز کے چکر کاٹتے ہوئے کسانوں کو اپنی جانیں تک گنوانا پڑ رہا ہے، جو انتہائی افسوسناک ہے بی آر ایس کے ورکنگ پریسیڈنٹ کے ٹی آر نے اس پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔گدوال ضلع کے مانا وپاڈو منڈل کے کلکنٹلہ مکئی خریداری مرکز پر جمنا نامی کسان کے دل کا دورہ پڑنے سے دیہانت ہوا اس واقعہ پر کے ٹی آر نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں سے خریداری مرکز پر انتظار کے باوجود حکومت نے مکئی نہیں خریدی جس کے سبب ذہنی دبا میں آ کر جمنا کی جان چلی گئی۔کے ٹی آر نے مطالبہ کیا کہ اس قیمتی جان کے ضیاع کی مکمل ذمہ داری وزیراعلی ریونت ریڈی پر عائد ہوتی ہے۔کے ٹی آر نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ میں گزشتہ دس برسوں تک خوشحال زراعت کو صرف دو

برسوں میں کانگریس پارٹی نے آنسوں کی کھیتی میں تبدیل کر دیا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریونت ریڈی کی دو سالہ حکومت کے دوران اب تک 750 سے زائد کسان اپنی جانیں گنوا چکے ہیں لیکن حکومت کو ذرا سا بھی احساس نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف کسانوں کو ریّتو بندھو جیسی سرمایہ جاتی امداد نہیں مل رہی جس کے باعث وہ قرضوں میں ڈوب رہے ہیں تو دوسری طرف شدید بارشوں سے فصلوں کو نقصان پہنچنے کے باوجود کرایہ دار کسانوں کو کوئی معاوضہ نہیں دیا جا رہا جس سے حکومت انہیں خودکشی کی طرف دھکیل رہی ہے۔کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ بے کار ایپس کے نام پر یوریا کی فراہمی روک کر کسانوں کو سخت مشکلات میں مبتلا کیا جا رہا ہے۔کے ٹی آر نے خبردار کیا کہ زراعت کے شعبے کو مکمل بحران میں دھکیلنے کا یہ گناہ یونہی نہیں جائے گا۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اب بھی غفلت کی نیند سے جاگے اور خریداری مراکز پر انتظار کر رہے کسانوں کے مسائل فوری حل کرے۔انہوں نے وزیر اعلی کی نااہلی کے سبب جاں بحق ہونے والے کسان جمنا کے خاندان کو فوری طور پر 25 لاکھ روپے معاوضہ دینے کا بھی مطالبہ کیا۔آخر میں کے ٹی آر نے واضح کیا کہ بی آر ایس پارٹی ہمیشہ تلنگانہ کے کسانوں کے ساتھ کھڑی رہے گی اور اگر حکومت نے اپنا رویہ نہ بدلا تو آنے والے دنوں میں سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔

جنید قتل کیس میں بڑی کارروائی
ظفر پہلوان کے مکان پر چھاپے، ہتھیار و دستاویزات برآمد

حیدرآباد۔24/ڈسمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) جنید قتل کیس میں اہم پیش رفت کے تحت حیدرآباد پولیس نے شہر کے ساتھ زون میں بدنام زمانہ روڈی شیٹر ظفر پہلوان اور اس کے بیٹوں کے گھروں پر علی الصبح چھاپہ مار کارروائی انجام دی۔یہ کارروائی جنید کے قتل سے جڑے معاملے میں روڈی ازم اور مجرمانہ سرگرمیوں کے خلاف سخت ایکشن کا حصہ ہے۔پولیس کے مطابق جنید کا قتل

3 دسمبر کی رات کو ہوا تھا، جس کے بعد مختلف زاویوں سے تفتیش جاری ہے۔اسی سلسلے میں مصدقہ خفیہ اطلاع کی بنیاد پر یہ چھاپے مارے گئے تاکہ ملزمین کو گرفتار کیا جا سکے اور اہم شواہد جمع کیے جا سکیں۔اس کارروائی میں 60 پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا۔تلاشی کے دوران گھروں سے متعدد غیر قانونی چاقو اور دیگر ہتھیار برآمد کیے گئے، جبکہ مشکوک غیر قانونی جائیدادوں سے متعلق دستاویزات بھی ضبط کی گئیں۔پولیس نے بتایا کہ ضبط شدہ دستاویزات کی تفصیلی جانچ اور تفتیش کی جارہی ہے۔غیر قانونی ہتھیاروں کی برآمدگی کی بنیاد پر پولیس نے آرمس ایکٹ کے تحت دو ایف آئی آرز درج کی ہیں۔ان مقدمات میں ظفر پہلوان شامل ہے، جو ایک روڈی شیٹر ہے اور اس کے خلاف 40 فوجداری مقدمات درج ہیں، اس کا بیٹا سعید پہلوان جو سابق روڈی شیٹر ہے اور 5 مقدمات میں ملوث رہا ہے، جبکہ سلیمان پہلوان ایک مقدمے میں ملوث بتایا گیا ہے۔پولیس کے مطابق تینوں ملزمین فی الحال مفرور ہیں۔انہیں گرفتار کرنے کے لیے چھ خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ جنید قتل کیس میں دیگر ملزمین کے کردار کی بھی باریکی سے جانچ کی جا رہی ہے۔پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کسی کے پاس ملزمین یا ان کی سرگرمیوں سے متعلق کوئی بھی معلومات ہوں، چاہے وہ پرانی ہوں یا نئی، تو بلا جھجک پولیس سے رابطہ کریں۔پولیس نے یقین دہانی کرائی ہے کہ اطلاع دینے والوں کی شناخت مکمل طور پر خفیہ رکھی جائے گی اور عوام کو خوفزدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ساتھ زون کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس نے واضح کیا کہ روڈی ازم اور مجرمانہ سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی اور شہر میں امن وامان برقرار رکھنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔پولیس حکام کے مطابق جنید قتل کیس کی تفتیش پوری شدت کے ساتھ جاری ہے اور آنے والے دنوں میں مزید گرفتاریاں متوقع ہیں۔

بچوں کی اسمگلنگ کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب

حیدرآباد۔24/ڈسمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد میں سائبرآباد پولیس کی اسپیشل آپریشنز ٹیم (SOT) نے ایک بڑی کارروائی کے دوران بچوں کی اسمگلنگ اور فروخت میں ملوث ایک منظّم نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا ہے۔اس معاملے میں 12 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے، جسے پولیس ایک بڑی کامیابی قرار دے رہی ہے۔پولیس کے مطابق یہ نیٹ ورک ملک کے مختلف حصوں، جن میں احمدآباد بھی شامل ہے، سے کم سن بچوں کو اسمگل کر کے حیدرآباد میں فروخت کر رہا تھا۔ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ اس غیر قانونی نیٹ ورک کے ذریعے کم از کم 15 بچوں کو فروخت کیا گیا۔کارروائی کے دوران پولیس نے دو معصوم بچوں کو بحفاظت بازیاب بھی کر لیا ہے۔ابتدائی معلومات کے مطابق اس غیر قانونی کاروبار کو انجام دینے میں تقریبا آٹھ اسپتالوں سے وابستہ ایجنٹس کے ملوث ہونے کے شواہد ملے ہیں، جو لین دین اور دیگر کارروائیوں میں سہولت فراہم کر رہے تھے۔پولیس نے بتایا کہ ہر بچے کو تقریبا 15 لاکھ روپے میں فروخت کیا جاتا تھا، جس سے اس اسمگلنگ نیٹ ورک کی منظّم اور تجارتی نوعیت واضح ہوتی ہے۔حکام کے مطابق معاملے کی گہرائی سے جانچ جاری ہے اور مزید گرفتاریوں اور انکشافات کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

جھریا علاقے میں بے گھر لوگوں کے لیے 30,000 مکانات بنائے گئے ہیں: وزیر کوئلہ کشن ریڈی

دھنباد، 24 دسمبر (ہ س)۔مرکزی کوئلہ اور کانوں کے وزیر جی کشن ریڈی نے جھارکھنڈ کے اپنے دوروزہ دورے کے دوسرے دن بدھ کو دھنباد ضلع کے بیل گاڑیاں ٹاؤن شپ کا دورہ کیا۔یہاں، انہوں نے جھریا بحالی اور ترقیاتی اتھارٹی کی طرف سے کئے جا رہے ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔دورے کے دوران وزیر نے بے گھر خاندانوں سے بات چیت کی، ان کے مسائل سنے اور انہیں تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کا یقین دلایا۔مرکزی وزیر نے بیل گاڑیاں ٹاؤن شپ میں سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح کیا۔فیز 6، 7 اور 8 میں باقی ماندہ ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔تقریب کے دوران جے آر ڈی اے کی انتظامی عمارت کا بھی افتتاح کیا گیا۔ایک آنگن واڑی سنٹر اور ایک شاپنگ کمپلیکس کا بھی افتتاح کیا گیا اور کئی مستفیدین کو ای رکشا تقسیم کئے گئے۔اس موقع پر مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے کہا کہ جھریا خطہ 100 سالوں سے زیر زمین کوئلے کی آگ کے سنگین مسئلے کا سامنا کر رہا ہے۔زیر زمین آگ، دھویں اور گیس کے اخراج نے لوگوں میں خوف و ہراس پھیلا رکھا ہے۔اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے حکومت ہند اور ریاستی حکومت مشترکہ طور پر جھریا علاقے کے بے گھر لوگوں کے لیے محفوظ اور جدید ٹاؤن شپ تیار کر رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اب تک دو ٹاؤن شپ تیار کی جا چکی ہیں جن میں تقریباً 30,000 مکانات ہیں۔ضرورت کے مطابق مستقبل میں مزید مکانات تعمیر کیے جائیں گے۔

اگر آپ صاف ہوا نہیں دے سکتے تو ایئر پیوریفائر پر جی ایس ٹی کم کریں: ہائی کورٹ

نئی دہلی، 24 دسمبر (ہ س)۔دہلی ہائی کورٹ نے مرکزی حکومت سے کہا کہ اگر آپ صاف ہوا نہیں دے سکتے تو کم از کم جی ایس ٹی کم کر دیں۔چیف جسٹس ڈی کے اپادھیائے کی قیادت والی بنچ نے مرکزی حکومت کے وکیل کو ہدایت دی کہ وہ اس سلسلے میں ہدایات طلب کریں اور عدالت کو مطلع کریں۔معاملے کی سماعت دوپہر کو دوبارہ ہوگی۔درخواست وکیل کپل مدن نے دائر کی تھی۔عرضی میں کہا گیا ہے کہ دہلی-این سی آر میں فضائی آلودگی کی سنگین صورتحال کو دیکھتے ہوئے ایئر پیوریفائر کو سہولت کی چیز نہیں سمجھا جا سکتا۔ایئر پیوریفائر عوام کو صاف ہوا فراہم کرنے میں مدد کرتے ہیں، اور اس وجہ سے، انہیں ایک طبی آلہ سمجھا جانا چاہیے۔نتیجتاً، ایئر پیوریفائر پر جی ایس ٹی کی شرح کو کم کیا جانا چاہیے۔عرضی میں کہا گیا ہے کہ مرکزی حکومت کے 2020 کے نوٹیفکیشن کے مطابق ایئر پیوریفائر کو طبی آلات کے طور پر درجہ بندی کیا جانا چاہیے۔درخواست میں کہا گیا ہے کہ زندگی بچانے میں ایئر پیوریفائر کی اہمیت کے باوجود ان پر 18 فیصد جی ایس ٹی سرچارج لگانا من مانی اور غیر منصفانہ ہے۔درخواست میں کہا گیا ہے کہ عدالت کو اس معاملے میں مداخلت کرنے کی ضرورت ہے۔

عوام اس پیغام پر یقین نہ کریں ورنہ موبائل ہیک ہوسکتا ہے۔حیدرآباد پولیس کا مشورہ

حیدرآباد۔24/ڈسمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) نقلی ای چالان کے نام سے لوگوں کو دھوکہ دینے کی کوشش۔عوام چوکس رہیں پولیس کا مشورہ حیدرآباد سٹی سائبر کرائم پولیس عوام کو مطلع کرتی ہے کہ نقلی ای۔چالان (e-Challan) ادائیگی لنکس کے ذریعے سائبر فراڈ کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے جو SMS اور WhatsApp پیغامات کے ذریعہ پھیلائے جا رہے ہیں۔نامعلوم سائبر دھوکہ باز عوام کو گمراہ کرنے کے لیے یہ پیغامات بھیج رہے ہیں کہ گاڑی کے ٹریفک چالان بقایا ہیں اور فراہم کردہ لنک کے ذریعے فوری ادائیگی کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔یہ نقلی لنکس اس انداز میں تیار کیے گئے ہیں کہ وہ سرکاری ویب سائٹس سے بہت مشابہ دکھائی دیتے ہیں۔جس کے باعث لوگ دھوکے میں آجاتے ہیں۔نقلی لنک پر کلک کرنے کے بعد صارفین سے گاڑی کا رجسٹریشن نمبر درج کرنے کو کہا جاتا ہے جس کے بعد چالان کی رقم ظاہر کی جاتی ہے۔جیسے ہی متاثرہ افراد ادائیگی کے عمل کو مکمل کرتے ہیں ان کے موبائل فون میں خطرناک سافٹ ویئر)مالویئر (انسٹال ہوجاتا ہے۔یا ان کی بینکنگ معلومات ہیک ہوجاتی ہیں، جس کے نتیجے میں بغیر اجازت مالی لین دین انجام پاتا ہے اور موبائل ہیکنگ کے واقعات پیش آتے ہیں۔

پولیس چہارشنبہ سے شہر میں شراب پی کر گاڑی چلانے کی جانچ آغاز

حیدرآباد۔24/ڈسمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے

پولیس کمشنر وی سی سجنار نے منگل 23 دسمبر کو کہا تھا کہ چہارشنبہ سے نئے سال کے دن تک نشے میں گاڑی چلانے کے خلاف خصوصی مہم چلائی جائے گی۔انہوں نے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا۔فیلڈ لیول کے افسران کے ساتھ منعقدہ ٹیلی کانفرنس میں کمشنر نے کرسمس اور نئے سال کے دن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے پولیس حکام کو ہدایت کی کہ وہ ہاٹ سپاٹ پر سخت سیکورٹی کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ نئے سال کے موقع پر 100 مقامات پر نشے میں ڈرائیونگ کی چیکنگ کی جائیگی۔ساتویں پلاٹون سے اضافی پولیس فورس تعینات کی جائیگی۔نشے میں گاڑی چلاتے ہوئے پکڑے جانے والوں کو 10,000 روپے جرمانہ اور چھ ماہ تک قید کا سامنا کرنا پڑیگا۔انہوں نے یہ انتباہ بھی کیا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کا ڈرائیونگ لائسنس مستقل طور پر منسوخ کیا جا سکتا ہے۔سجنار نے ریسنگ اور اسٹنٹ میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا۔حیدرآباد پولیس نئے سال کے موقع پر خواتین کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پارٹی کے مقام اور دیگر 15 مقامات پر شی ٹیمیں بھی تعینات کرے گی۔

حیدرآباد میں پانی کی فراہمی 36 گھنٹوں کیلئے معطل

حیدرآباد۔24/ڈسمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد میں رہنے والے شہریوں کو 27 اور 28 دسمبر کو پانی کی فراہمی میں شدید خلل کا سامنا کرنا پڑے گا۔میٹرو واٹر بورڈ کی جانب سے ضروری مرمتی اور دیکھ بھال کے کاموں کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں تقریبا 36 گھنٹوں تک پانی کی سپلائی بند رہے گی۔وپانی کی سپلائی بندش سے اولڈ سٹی اور اس کے اطرافی علاقوں میں خاص طور پر اثر پڑے گا۔ان علاقوں میں میر عالم، کشن باغ، بالسٹی کٹہ، مغل پورہ، فلک نما، بہادر پورہ، جہاں نما، محبوب مینشن، سنتوش نگر، ونئے نگر، سعید آباد، چنچل گوڑہ، آسمان گڑھ اور یاقوت پورہ شامل ہیں۔اس کے علاوہ وسطی اور مشرقی حیدرآباد کے بعض علاقوں جیسے بگول کنٹہ، نارائن گوڑہ اور دل سکھ نگر میں بھی پانی کی فراہمی متاثر رہے گی۔ریزروائر سے سپلائی حاصل کرنے والے علاقوں میں بھی بندش رہے گی، جن میں اڈیکمیٹ، شیوم، چلکل گوڑہ، علی آباد اور ریاست نگر ریزروائر سے منسلک بستیاں شامل ہیں۔واٹر بورڈ کے حکام کا کہنا ہے کہ پانی کی سپلائی عارضی طور پر بند کرنا ناگزیر ہے کیونکہ اس دوران اہم پائپ لائن مرمت، نظام کی بہتری اور مستقبل میں پانی کے رساو یا رکاوٹوں کو روکنے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ان کاموں سے آئندہ دنوں میں پانی کی تقسیم کو مزید بہتر بنایا جاسکے گا۔عوام کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس دوران پانی کے استعمال میں احتیاط برتیں، غیر ضروری ضیاع سے بچیں اور پینے وگھریلو ضروریات کے لیے مناسب مقدار میں پانی محفوظ کرلیں۔حکام کے مطابق 28 دسمبر کی شام 6 بجے کے بعد پانی کی سپلائی معمول پر آنے کا امکان ہے۔میٹرو واٹر بورڈ نے شہریوں کے تعاون کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبہ بند بندش ہے اور بروقت کام کی تکمیل کے لیے عوام کا تعاون نہایت ضروری ہے۔

منشیات فروخت کرنیوالی خاتون سافٹ ویئر انجینئر گرفتار

حیدرآباد۔ 24/ ڈسمبر (سفیر نیوز صدائے حسینی)منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں چار گرفتار، 3 لاکھ روپے مالیت کا ممنوعہ سامان ضبط۔حیدرآباد۔ 24 دسمبر) سفیر نیوز (پولیس نے چہارشنبہ، 24 دسمبر کو حیدرآباد میں ایک خاتون سمیت چار افراد کے ایک گروپ کو منشیات فروشی اور استعمال کے الزام میں گرفتار کیا، اور ملزمان سے 3 لاکھ روپے مالیت کا ممنوعہ سامان ضبط کیا۔ملزمان کی شناخت 25 سالہ امیدی ایمانوئل کے طور پر ہوئی ہے، جو حیدرآباد میں ایک ایونٹ مینیجر ہے اور آندھرا پردیش کے کاکیناڈا کا رہنے والا ہے، چوداوارا پو سوسمتھا دیوی، 21، سافٹ ویئر انجینئر اور آندھرا پردیش کا رہنے والا ہے۔گورلا سائی کمار، 28، ایک بائیک ٹیکسی ڈرائیور اور ایک فوڈ ڈیلیوری ایجنٹ اور آندھرا پردیش کا رہنے والا، اور تلابٹولا تارکا لکشمی کانت آیاپا، 28، جو ایک پرائیویٹ ملازم اور چکڈ پلی کا رہائشی ہے۔پولیس کے مطابق عمانوئیل کونڈاپور میں مقیم تھا اور مالی مسائل کی وجہ سے اس نے اپنی تعلیم بند کردی تھی۔وہ ایونٹ مینیجر کے طور پر کام کرتے تھے۔وہ اور سسمتھا لیوان ریلیشن شپ میں تھے۔پولیس کے بیان میں کہا گیا ہے کہ عمانوئیل مبینہ طور پر منشیات کا عادی تھا اور آہستہ آہستہ منشیات فروش بن گیا۔وہ تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں نارکوٹک ڈرگس اینڈ سائیکوٹراپک سبسٹینس)این ڈی پی ایس (ایکٹ کے تحت متعدد مجرمانہ مقدمات میں ملوث تھا۔اس نے ممنوعہ ادویات جیسے ویڈ، ایم ڈی ایم اے، ایل ایس ڈی بلاٹس، اور ایکسٹیسی گولیاں سپلائی کرنے والوں کے ذریعے خریدیں جو فی الحال مفرور ہیں، اور بعد میں ٹور ویب براؤزر کا استعمال کرتے ہوئے ڈارک ویب مارکیٹ پلیسز سے۔ادائیگیاں Binance اور Trust Wallet کے ذریعے ہندوستانی روپوں کو USDT cryptocurrency میں تبدیل کر کے کی گئیں۔ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مفرور سپلائرز کے ذریعہ منشیات کو کوریئر خدمات جیسے ڈی ٹی ڈی سی اور انڈیا پوسٹ کے ذریعے پیڈلر تک پہنچایا گیا تھا۔دیوی بی ایس سی گریجویٹ ہیں اور حیدرآباد میں کاگنیزنٹ میں ملازم تھیں۔عمانوئیل کے منشیات کی فروخت میں ملوث ہونے کے بارے میں آگاہ ہونے کے باوجود، وہ اس کے مالی لین دین کا انتظام کرتی تھی۔دیوی کو اپنے بینک اکانٹ میں منشیات کے لیے ادائیگیاں بھی موصول ہوئیں۔پولیس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ اس نے حیدرآباد میں سب پیڈلر سائی کمار کے ذریعے منشیات فروخت کی، جو فوڈ ڈیلیوری ایجنٹ اور ایک بائیک ٹیکسی ڈرائیور کے طور پر کام کرتا تھا، جس سے ماہانہ 15,000 سے 20,000 روپے کی آمدنی ہوتی تھی۔کمار ایک منشیات کا صارف ہے جس نے عمانوئیل سے منشیات حاصل کیں۔کمار نے سسمتھا اور عمانوئیل کی ہدایات کی بنیاد پر دوسرے صارفین کو بھی دوائیں پہنچائیں۔الرٹ ہونے کے بعد، حیدرآباد نارکوٹکس انفورسمنٹ ونگ نے ملزم کو آیاپا کے ساتھ چکڈ پلی سے گرفتار کیا۔تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایمانوئل اور سسمتھا منشیات سپلائی کرنے والوں سے خریدتے تھے، جو مفرور ہیں۔پولیس نے ملزمان سے 22 گرام ہائیڈرو پونک وِیڈ، چھ ایل ایس ڈی بلاٹس، 5.5 گرام ایکسٹیسی گولیاں، 50,000 روپے کی نقدی اور چار موبائل فون ضبط کر لئے۔

ریاستی حکومت چنگری گھاٹہ میٹرو کا کام 15 فروری تک مکمل کرے

کولکاتہ، 24 دسمبر (ہ س)۔کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال حکومت اور متعلقہ حکام کو چنگری گھاٹہ کراسنگ پر رکے ہوئے کولکاتہ میٹرو کے کام کو ہر قیمت پر 15 فروری 2026 تک مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔یہ میٹرو لائن سیکٹر 5 کو جنوبی کولکاتہ سے جوڑتی ہے اور روزانہ ہزاروں مسافروں کے لیے بہت ضروری ہے۔سماعت کے دوران، قائم مقام چیف جسٹس سوجے پال کی سربراہی میں ایک ڈویژن بنچ نے مشاہدہ کیا کہ طویل عرصے سے تاخیر سے عوام کو بہت زیادہ تکلیف ہو رہی ہے۔عدالت نے ریاستی حکومت کو حکم دیا کہ وہ 6 جنوری 2026 تک کولکاتہ میٹرو ریلوے کو تین مخصوص تاریخوں سے آگاہ کرے جن پر ٹریفک کی پابندیوں کی اجازت دی جائے گی۔اس سے سالٹ لیک اسٹیڈیم کے پاس ایسٹرن میٹرو پالیٹن بائی پاس پر اوور ہیڈ میٹرو وایا ڈکٹ کا آخری مرحلہ مکمل کیا جا سکے گا۔عدالت نے واضح طور پر کہا کہ چنگری گھاٹہ جیسے مصروف چوراہے پر ٹریفک بلاک کرنے کی اجازت نہ ہونے کی وجہ سے یہ منصوبہ بار بار تعطل کا شکار ہے۔عدالت نے معاملے کو سنگین معاملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ تال میل کی کمی کی وجہ سے مفاد عامہ متاثر ہو رہا ہے۔

جموں کشمیر کے پانچ اضلاع کے لیے برفانی تودے کی وارننگ جاری

سرینگر، 24 دسمبر (ہ س)۔جموں وکشمیر کے پانچ اضلاع میں بدھ کے روز برفانی تودے کی وارننگ جاری کی گئی ہے جس میں مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے بالائی علاقوں میں حالیہ شدید برف باری کے پیش نظر یہ ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔ڈوڈہ، گاندربل، کشتواڑ، پونچھ اور رامبن اضلاع میں برفانی تودے کے کم خطرے کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ان اضلاع سے 2,800 میٹر کی بلندی پر برفانی تودہ گرنے کا امکان ہے۔لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ برفانی تودے کے شکار علاقوں سے گریز کریں اور سرکاری ہدایات پر عمل کریں۔جموں اور کشمیر کے زیادہ تر اونچے علاقوں میں اس ہفتے درمیانے درجے سے بھاری برف باری ہوئی ہے۔

وزیراعلیٰ سائے نے آنجہانی شکل کی جسد خاکی کو کندھا دیا

رائے پور، 24 دسمبر (ہ س)۔چھتیس گڑھ کے معروف ادیب اور گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ ونود کمار شکل کا منگل کی شام کو 89 سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔وزیراعلیٰ وشنو دیو سائے بدھ کو آنجہانی ونود کمار شکل کو آخری خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے شیلیند رنگر، رائے پور میں واقع رہائش گاہ پر گئے۔وزیراعلیٰ نے ان کی میت پر پھولوں گلدستہ چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی روح کی تسکین کے لئے دعا کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ سائے نے آنجہانی مسٹر شکل کی جسد خاکی کو کندھا دیا اور انہیں جذباتی الوداع کیا۔انہوں نے سوگوار خاندان سے ملاقات کی اور گہرے تعزیت کا اظہار کیا اور لاتعداد قارئین اور ادب سے محبت کرنے والوں کے لیے یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی طاقت کے لیے دعا کی۔وزیر اعلیٰ سائے نے کہا کہ چھتیس گڑھ کی مٹی میں پیدا ہونے والی عظیم ادبی شخصیت ونود کمار شکل کے انتقال سے ہندی ادبی دنیا کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔

کوڈین کف سیرپ نوجوانوں میں نشہ بڑھا رہا ہے: کانگریس

نئی دہلی، 24 دسمبر (ہ س)۔کانگریس کی ترجمان سپریہ شرینیت نے اتر پردیش کے نوجوانوں میں ممنوعہ کوڈین کف سیرپ کے بڑھتے ہوئے نشے کا مسئلہ اٹھایا اور حکومت سے قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ یہ سستی دوا اب ایک خطرناک دوا بن چکی ہے اور یہاں تک کہ بچے بھی اس کے عادی ہوتے جا رہے ہیں۔بدھ کو یہاں ایک پریس کانفرنس میں اناؤ سے تعلق رکھنے والے 17 سالہ آکاش کا حوالہ دیتے ہوئے سپریہ شرینت نے کہا کہ کھانسی کے اس شربت کی لت نے ان کی زندگی برباد کر دی ہے۔اسے اپنے جیب خرچ سے خریدنے کے بعد، اس نے گھریلو سامان اور اپنی ماں کے زیورات بیچے، پھر چین سنیچنگ بھی کرنے لگا۔اب حالت تشویشناک ہے۔اس کا جگر اور گردے خراب ہو چکے ہیں، اس کا پیٹ سیال سے بھر گیا ہے، علاج پر لاکھوں روپے خرچ ہو رہے ہیں، لیکن نشہ برقرار ہے۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 146/306-7-18، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔